Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Jab Qata Ki Masafat-e-Shab Aftab Ne

جب قطع کی مسافتِ شب آفتاب نے

Marsiya by Mir Anees

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Jab qata ki masafat-e-shab aftab ne	جب قطع کی مسافتِ شب آفتاب نے
Jalwa kiya sahar ke rukh-e-be hijab ne	جلوہ کیا سحر کے رخِ بے حجاب نے
Dekha soo-e-falak shah-e-gardoon rikab ne	دیکھا سوئے فلک شہ گردوں رکاب نے
Mur kar sada rafeeqon ko di us janab ne	مڑ کر صدا رفیقوں کو دی اس جناب نے
Aakhir hai raat hamd-o-sana-e-Khuda karo	آخر ہے رات حمد و ثنائے خدا کرو
Utho fariza-e-sahari ko ada karo	اٹھو فریضۂ سحری کو ادا کرو

When the sun had completed the journey of the night
and the unveiled face of the dawn shone out,
the King whose stirrup is the heavens looked toward the sky,
and turning, that noble one called to his companions:
"The night is at its end; give praise and glory to God;
rise, and perform the duty of the dawn prayer.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

2

Haan ghaziyo ye din hai jidal-o-qital ka
Yaan khoon bahe ga aaj Muhammad ki aal ka
Chehra khushi se surkh hai Zahra ke laal ka
Guzri shab-e-firaq din aaya visal ka
Hum wo hain gham karen ge malak jin ke waaste
Raaten tarap ke kaati hain is din ke waaste

ہاں غازیو یہ دن ہے جدال و قتال کا
یاں خوں بہے گا آج محمد کی آل کا
چہرہ خوشی سے سرخ ہے زہرا کے لال کا
گذری شبِ فراق دن آیا وصال کا
ہم وہ ہیں غم کریں گے ملک جن کے واسطے
راتیں تڑپ کے کاٹی ہیں اس دن کے واسطے

"Yes, warriors, this is the day of combat and slaughter;
here the blood of Muhammad's family will be shed today.
The face of Zahra's son is red with joy;
the night of separation is past, the day of union has come.
We are those for whom the angels will grieve;
we have spent our nights in restless longing for this day.

3

Ye subh hai wo subh mubarak hai jis ki shaam
Yaan se hua jo kooch to hai khuld mein maqam
Kausar pe aabru se pahunch jaayen tishna kaam
Likhe Khuda namaz guzaaron mein sab ke naam
Sab hain waheed-e-asr ye ghul chaar soo uthe
Duniya se jo shaheed uthe surkhroo uthe

یہ صبح ہے وہ صبح مبارک ہے جس کی شام
یاں سے ہوا جو کوچ تو ہے خلد میں مقام
کوثر پہ آبرو سے پہونچ جائیں تشنہ کام
لکھے خدا نماز گزاروں میں سب کے نام
سب ہیں وحیدِ عصر یہ غل چار سو اٹھے
دنیا سے جو شہید اٹھے سرخرو اٹھے

"This is the morning whose evening is blessed;
when we march from here, our dwelling is paradise.
May the thirsty reach Kausar with honour;
may God write all our names among those who pray.
Let the cry go up on every side: each is unique in his age;
whoever rises from the world a martyr rises with honour."

Free to read, copy and share

4

Ye sun ke bistaron se uthe wo Khuda shanas
یہ سن کے بستروں سے اٹھے وہ خدا شناس

Ik ik ne zeb-e-jism kiya fakhira libas
اک اک نے زیبِ جسم کیا فاخرہ لباس

Shaane mahasinon mein kiye sab ne be hiras
شانے محاسنوں میں کیے سب نے بے ہراس

Baandhe amama aaye Imam-e-zaman ke paas
باندھے عمامہ آئے امامِ زماں کے پاس

Rangeen abaayen dosh pe kamren kase hue
رنگیں عبائین دوش پہ کمریں کسے ہوے

Mushk-o-zabad-o-itr mein kapre base hue
مشک و زباد و عطر میں کپڑے بسے ہوئے

Hearing this, those who knew God rose from their beds;
each one adorned his body with fine clothing.
Without fear they all combed their beards,
tied on their turbans and came to the Imam of the age,
coloured cloaks on their shoulders, their waists girded,
their clothes steeped in musk, civet and perfume.

5

Sookhe labon pe hamd-e-ilahi rukhon pe noor
سوکھے لبوں پہ حمدِ الٰہی رخوں پہ نور

Khauf-o-hiras ranj-o-kudurat dilon se door
خوف و ہراس رنج و کدورت دلوں سے دور

Fayyaz haq shanas ulul azm zi shuoor
فیاض حق شناس اولو العزم ذی شعور

Khush fikr-o-bazla sanj-o-hunar parwar-o-ghayoor
خوش فکر و بزلہ سنج و ہنر پرور و غیور

Kaanon ko husn-e-saut se hazz barmala mile
کانوں کو حسنِ صوت سے حظ برملا ملے

Baaton mein wo namak ke dilon ko maza mile
باتوں میں وہ نمک کہ دلوں کو مزا ملے

The praise of God on their dry lips, light upon their faces;
fear and dread, grief and rancour far from their hearts;
generous, knowing the truth, resolute and wise,
thoughtful, witty, patrons of skill, jealous of honour.
The beauty of their voices gave the ear open delight;
such savour in their words that hearts took pleasure.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

6

Saawant burd baar falak martabat daler
ساونت برد بار فلک مرتبت دلیر

Aali manish Saba mein Sulaiman wagha mein sher
عالی منش سبا میں سلیماں وغا میں شیر

Gurdaan-e-dahr un ki zabardastiyon se zer
گرداں دہر ان کی زبردستیوں سے زیر

Faaqe se teen din ke magar zindagi se ser
فاقے سے تین دن کے مگر زندگی سے سیر

Duniya ko heech pooch sarapa samajhte hain
دنیا کو ہیچ پوچ سراپا سمجھتے ہیں

Darya dili se bahr ko qatra samajhte hain
دریا دلی سے بحر کو قطرا سمجھتے ہیں

Valiant, forbearing, heaven-high in rank, brave,
noble-minded, a Solomon in Sheba, a lion in battle;
the champions of the age were brought low by their might;
starving for three days, yet sated with life.
They hold the world worthless from end to end;
in the breadth of their hearts they count the ocean a drop.

7

Taqreer mein wo ramz kinaya ke lajawab
تقریر میں وہ رمز کنایہ کہ لاجواب

Nukta bhi munh se gar koi nikla to intikhab
نکتہ بھی منہ سے گر کوئی نکلا تو انتخاب

Goya dahan kitab-e-balaghat ka ek baab
گویا دہن کتابِ بلاغت کا ایک باب

Sookhi zabanen shahd-e-fasahat se kamyab
سوکھی زبانیں شہد فصاحت سے کامیاب

Lehjon pe shairan-e-Arab the mare hue
لہجوں پہ شاعران عرب تھے مرے ہوئے

Piste labon ke wo ke namak se bhare hue
پستے لبوں کے وہ کہ نمک سے بھرے ہوئے

In speech, such allusion and hint that none could answer;
if a single point left their lips, it was the choicest.
Their mouths were like a chapter of the book of eloquence;
their dry tongues succeeded through the honey of fluent speech.
The poets of Arabia were enamoured of their accents;
their pistachio lips were so full of savour.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

8

Lab par hansi gulon se ziyada shagufta roo
لب پر ہنسی گلوں سے زیادہ شگفتہ رو

Paida tanon se pairahan-e-Yusufi ki boo
پیدا تنوں سے پیرہن یوسفی کی بو

Ghilman ke dil mein jin ki ghulami ki aarzoo
غلماں کے دل میں جن کی غلامی کی آرزو

Parhez gaar zahid-e-abrar-o-nek khoo
پرہیز گار زاہدِ ابرار و نیک خو

Patthar mein aise laal sadaf mein guhar nahin
پتھر میں ایسے لعل صدف میں گہر نہیں

Ron ka qaul tha ke malak hain bashar nahin
روں کا قول تھا کہ ملک ہیں بشر نہیں

Laughter on their lips, their faces more blooming than flowers;
from their bodies rose the scent of Joseph's shirt.
The youths of paradise longed in their hearts to serve them;
God-fearing, ascetic among the righteous, of good nature.
No stone holds such rubies, no shell such pearls;
the houris said, "They are angels, not mortals."

9

Paani na tha wuzu jo karen wo falak maab
پانی نہ تھا وضو جو کریں وہ فلک مآب

Par thi rukhon pe khaak-e-tayammum se turfa aab
پر تھی رخوں پہ خاکِ تیمم سے طرفہ آب

Bareek abr mein nazar aate the aftab
باریک ابر میں نظر آتے تھے آفتاب

Hote hain khaaksar ghulam-e-Abu Turab
ہوتے ہیں خاکسار غلامِ ابوتراب

Mahtab se rukhon ki safa aur ho gayi
مہتاب سے رخوں کی صفا اور ہو گئی

Mitti se aayaton mein jila aur ho gayi
مٹی سے آئتوں میں جلا اور ہو گئی

There was no water for those heaven-high men to make ablution,
yet the dust of dry ablution lent their faces a wondrous lustre;
they looked like suns seen through a thin cloud.
The servants of Abu Turab are humble as the dust.
The purity of their moon-like faces grew still greater;
with dust the mirrors gained a brighter polish.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

10

Kheme se nikle shah ke azizaan-e-khush khisal
Jin mein kai the Hazrat-e-Khair-un-Nisa ke laal
Qasim sa gulbadan Ali Akbar sa khush jamal
Ik jaa Aqeel-o-Muslim-o-Jafar ke naunihal
Sab ke rukhon ka noor sipehr-e-bareen pe tha
Athaara aftabon ka ghuncha zameen pe tha

خیمے سے نکلے شہ کے عزیزاں خوش خصال
جن میں کئی تھے حضرتِ خیر النسا کے لال
قاسم سا گلبدن علی اکبر سا خوش جمال
اک جا عقیل و مسلم و جعفر کے نونہال
سب کے رخوں کا نور سپہر بریں پہ تھا
اٹھارہ آفتابوں کا غنچہ زمیں پہ تھا

Out of the tent came the King's kinsmen, fine in character,
among them several darlings of Khair-un-Nisa:
Qasim with his flower-like body, Ali Akbar so handsome,
and together the young sons of Aqeel, Muslim and Jafar.
The light of all their faces reached the highest heaven;
a cluster of eighteen suns stood upon the earth.

11

Thandi hawa mein sabza-e-sahra ki wo lahak
Sharmaaye jis se atlas-e-zangaari-e-falak
Wo jhoomna darakhton ka phoolon ki wo mehak
Har barg-e-gul pe qatra-e-shabnam ki wo jhalak
Heere khajil the gauhar-e-yakta nisar the
Patte bhi har shajar ke jawahar nigar the

ٹھنڈی ہوا میں سبزۂ صحرا کی وہ لہک
شرمائے جس سے اطلسِ زنگاریِ فلک
وہ جھومنا درختوں کا پھولوں کی وہ مہک
ہر برگِ گل پہ قطرہ شبنم کی وہ جھلک
ہیرے خجل تھے گوہر یکتا نثار تھے
پتے بھی ہر شجر کے جواہر نگار تھے

The waving of the desert grass in the cool breeze,
at which the green satin of the sky would blush;
the swaying of the trees, the fragrance of the flowers,
the glint of a drop of dew on every rose petal.
Diamonds were abashed, matchless pearls were offered up;
even the leaves of every tree were inlaid with jewels.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

12

Qurbaan sanat-e-qalam-e-afreedgar
قرباں صنعتِ قلم آفریدگار

Thi har waraq pe sanat-e-tarsee ashkar
تھی ہر ورق پہ صنعتِ ترصیع آشکار

Ajiz hai fikrat-e-shuara-e-hunar shiar
عاجز ہے فکرت شعرائے ہنر شعار

In sanaton ko paaye kahan aql-e-saada kaar
ان صنعتوں کو پائے کہاں عقلِ سادہ کار

Aalam tha mahw-e-qudrat-e-Rab-e-ibad par
عالم تھا محو قدرت رب عباد پر

Meena kiya tha wadi-e-meenu sawad par
مینا کیا تھا وادیِ مینو سواد پر

I would give my life for the art of the Creator's pen!
On every leaf the craft of inlay was plain to see.
The thought of skilful poets is helpless before it;
where could a simple mind grasp such artistry?
The world was lost in the power of the Lord of His servants;
enamel had been laid upon that paradise-like valley.

13

Wo noor aur wo dasht suhaana wo faza
وہ نور اور وہ دشت سہانا وہ فضا

Durraj-o-kabk-o-teehu-o-taoos ki sada
دراج و کبک و تیہو و طاؤس کی صدا

Wo josh-e-gul wo naala-e-murghan-e-khush nawa
وہ جوشِ گل وہ نالۂ مرغانِ خوش نوا

Sardi jigar ko bakhshti thi subh ki hawa
سردی جگر کو بخشتی تھی صبح کی ہوا

Phoolon se sabz sabz shajar surkh posh the
پھولوں سے سبز سبز شجر سرخ پوش تھے

Thaale bhi nakhl ke sabad-e-gul farosh the
تھالے بھی نخل کے سبدِ گل فروش تھے

That light, that lovely plain, that open air,
the calls of francolin and partridge, quail and peacock,
that surge of flowers, that singing of sweet-voiced birds;
the morning breeze brought coolness to the heart.
With their flowers the green, green trees were clad in red;
even the basins round the palms were flower-sellers' baskets.

Free to read, copy and share

14

Wo dasht wo naseem ke jhonke wo sabza zaar
Phoolon pe jaa ba jaa wo guharha-e-aabdar
Uthna wo jhoom jhoom ke shaakhon ka baar baar
Bala-e-nakhl ek jo bulbul to gul hazar
Khwahan the Zahra gulshan-e-Zahra jo aab ke
Shabnam ne bhar diye the katore gulab ke

وہ دشت وہ نسیم کے جھونکے وہ سبزہ زار
پھولوں پہ جابجا وہ گہرہائے آبدار
اٹھنا وہ جھوم جھوم کے شاخوں کا بار بار
بالائے نخل ایک جو بلبل تو گل ہزار
خواہاں تھے زہرا گلشن زہرا جو آب کے
شبنم نے بھر دیے تھے کٹورے گلاب کے

That plain, those gusts of breeze, that green meadow,
those lustrous pearls scattered over the flowers,
the branches swaying and rising again and again;
on each palm, for one nightingale a thousand roses.
Since those in Zahra's garden were longing for water,
the dew had filled the cups of the roses.

15

Wo qumriyon ka chaar taraf sarv ke hujoom
Koo koo ka shor naala-e-haq sirruhu ki dhoom
Subhan Rabbana ki sada thi alal umoom
Jaari the wo jo un ki ibadat ke the rusoom
Kuchh gul faqat na karte the Rab-e-ula ki hamd
Har khaar ko bhi nok-e-zaban thi Khuda ki hamd

وہ قمریوں کا چار طرف سرو کے ہجوم
کو کو کا شور نالۂ حق سرہ کی دھوم
سبحان ربنا کی صدا تھی علی العموم
جاری تھے وہ جو ان کی عبادت کے تھے رسوم
کچھ گل فقط نہ کرتے تھے رب علا کی حمد
ہر خار کو بھی نوکِ زباں تھی خدا کی حمد

The ring-doves crowding round the cypresses on every side,
the clamour of their cooing, the din of their cry 'Haq sirruhu';
everywhere the call, 'Glory to our Lord!'
Every rite of their worship was being performed.
It was not only the flowers that praised the Lord most high:
even every thorn had the praise of God on the tip of its tongue.

Free to read, copy and share

16

Chyunti bhi haath utha ke ye kehti thi baar baar
چیونٹی بھی ہاتھ اٹھا کے یہ کہتی تھی بار بار

Ae daana kash zaeefon ke raziq tere nisar
اے دانہ کش ضعیفوں کے رازق ترے نثار

Ya Hayy Ya Qadeer ki thi har taraf pukaar
یا حی یا قدیر کی تھی ہر طرف پکار

Tahleel thi kahin kahin tasbeeh-e-Kirdgar
تہلیل تھی کہیں کہیں تسبیح کردگار

Tair hawa mein mahw hunar sabza zaar mein
طائر ہوا میں محو ہنر سبزہ زار میں

Jangal ke sher goonj rahe the kachhaar mein
جنگل کے شیر گونج رہے تھے کچھار میں

Even the ant raised its hands and said again and again,
"O Provider of the weak who carry grain, I am Your sacrifice!"
On every side the cry, "O Living One, O Mighty One!"
In places the witness to God's oneness, in places the praise of the Maker.
Birds rapt in the air, deer in the meadows;
the lions of the forest were roaring in their thickets.

17

Kaanton mein ik taraf the riyaz-e-Nabi ke phool
کانٹوں میں اک طرف تھے ریاضِ نبی کے پھول

Khushboo se jin ki khuld tha jangal ka arz-o-tool
خوشبو سے جن کی خلد تھا جنگل کا عرض و طول

Duniya ki zeb-o-zeenat-e-kashana-e-Batool
دنیا کی زیب و زینتِ کاشانۂ بتول

Wo baagh tha laga gaye the khud jise Rasool
وہ باغ تھا لگا گئے تھے خود جسے رسول

Maah-e-aza ke ashra-e-awwal mein kab gaya
ماہِ عزا کے عشرۂ اول میں کب گیا

Wo baaghiyon ke haath se jangal mein kat gaya
وہ باغیوں کے ہاتھ سے جنگل میں کٹ گیا

Among the thorns, on one side, were the flowers of the Prophet's garden,
whose fragrance made paradise of the wilderness through all its breadth and length:
the beauty and adornment of the world and of Batool's household.
That was the garden the Messenger had planted with his own hands.
In the first ten days of the month of mourning it was destroyed;
it was cut down in the wilderness at the hands of rebels.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

18

Allah re khizan ke din is baagh ki bahaar
اللہ رے خزاں کے دن اس باغ کی بہار

Phoole samaate the na Muhammad ke gulizaar
پھولے سماتے تھے نہ محمد کے گلِ عذار

Dulha bane hue the ajal thi gulon ka haar
دولہا بنے ہوئے تھے اجل تھی گلوں کا ہار

Jaage wo saari raat ke wo neend ka khumar
جاگے وہ ساری رات کے وہ نیند کا خمار

Raahen tamam jism ki khushboo se bas gayin
راہیں تمام جسم کی خوشبو سے بس گئیں

Jab muskura ke phoolon ki kaliyan bikas gayin
جب مسکرا کے پھولوں کی کلیاں بکس گئیں

Allah! The bloom of this garden on that day of autumn!
Muhammad's rose-cheeked ones could not contain their joy;
they were dressed as bridegrooms, and death was their garland.
That vigil the whole night long, that heaviness of sleep!
Every path was perfumed with the fragrance of their bodies,
when the buds of the flowers opened with a smile.

19

Wo dasht aur khema-e-zangaar goon ki shaan
وہ دشت اور خیمۂ زنگار گوں کی شان

Goya zameen pe nasb tha ik taaza aasmaan
گویا زمیں پہ نصب تھا اک تازہ آسمان

Be chooba sipehr-e-bareen jis ka saibaan
بے چوبہ سپہر بریں جس کا سائبان

Bait-ul-Ateeq deen ka Madina jahan ki jaan
بیت العتیق دین کا مدینہ جہاں کی جان

Allah ke habib ke pyaare isi mein the
اللہ کے حبیب کے پیارے اسی میں تھے

Sab arsh-e-kibriya ke sitaare isi mein the
سب عرشِ کبریا کے ستارے اسی میں تھے

That plain, and the splendour of the verdigris-green tent,
as though a new heaven had been pitched upon the earth,
its canopy the highest heaven, standing without poles;
the Ancient House, the Medina of the faith, the soul of the world.
The darlings of Allah's beloved were within it;
all the stars of the throne of His majesty were within it.

Free to read, copy and share

20

Gardoon pe naaz karti thi is dasht ki zameen
گردوں پہ ناز کرتی تھی اس دشت کی زمیں

Kehta tha aasmaan-e-daham charkh-e-hazmateen
کہتا تھا آسمانِ دہم چرخِ ہضمتیں

Parde the rashk-e-parda-e-chashmaan-e-hoor-e-een
پردے تھے رشکِ پردۂ چشمانِ حور عیں

Taaron se tha falak isi khirman ka khosha cheen
تاروں سے تھا فلک اسی خرمن کا خوشہ چیں

Dekha jo noor shamsa-e-kaiwan janab par
دیکھا جو نور شمسۂ کیواں جناب پر

Kya kya hansi hai subh gul-e-aftab par
کیا کیا ہنسی ہے صبح گلِ آفتاب پر

The ground of this plain was proud before the heavens;
the seventh sphere called it the tenth heaven.
Its curtains were the envy of the eyelids of the wide-eyed houris;
the sky with its stars was a gleaner of this harvest.
Seeing the light upon the sun-crest of that Saturn-high one,
how the morning has laughed at the sunflower!

21

Nagah charkh par khat-e-abyaz hua ayan
ناگاہ چرخ پر خطِ ابیض ہوا عیاں

Tashreef jaa namaz pe laaye shah-e-zaman
تشریف جا نماز پہ لائے شہ زماں

Sajjad bichh gaye aqab-e-shah-e-ins-o-jaan
سجاد بچھ گئے عقبِ شاہ انس و جاں

... husn se Akbar-e-mah roo ne di azaan
... حسن سے اکبرِ مہ رو نے دی اذاں

Har ik ki chashm aansuon se dabdaba gayi
ہر اک کی چشم آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی

Goya sada Rasool ki kaanon mein aa gayi
گویا صدا رسول کی کانوں میں آگئی

Suddenly the white line of dawn appeared in the sky;
the King of the age came to the prayer mat;
prayer mats were spread behind the King of men and jinn;
[...] beautifully the moon-faced Akbar gave the call to prayer.
Every eye brimmed over with tears;
it was as though the voice of the Messenger had reached their ears.

Free to read, copy and share

22

Chup the tuyoor jhoomte the wajd mein shajar
چپ تھے طیور جھومتے تھے وجد میں شجر

Tasbeeh khwan the barg-o-gul-o-ghuncha-o-samar
تسبیح خواں تھے برگ و گل و غنچہ و ثمر

Mahw-e-sana kalookh-o-nabatat-o-dasht-o-dar
محوِ ثنا کلوخ و نباتات و دشت و در

Paani se munh nikaale the darya ke jaanwar
پانی سے منہ نکالے تھے دریا کے جانور

Ejaz tha ke dilbar-e-Shabbir ki sada
اعجاز تھا کہ دلبرِ شبیر کی صدا

Har khushk-o-tar se aayi thi takbeer ki sada
ہر خشک و تر سے آئی تھی تکبیر کی صدا

The birds were silent; the trees swayed in ecstasy;
leaf and flower, bud and fruit were singing God's praise;
clods and plants, wilderness and valley were lost in praise;
the creatures of the river had lifted their heads from the water.
It was a miracle: at the voice of Shabbir's beloved
the cry 'God is greatest' came from all things, dry and moist.

23

Namoos-e-shah rote the kheme mein zaar zaar
ناموس شاہ روتے تھے خیمے میں زار زار

Chupki khari thi sahn mein Bano-e-namdar
چپکی کھڑی تھی صحن میں بانوئے نامدار

Zainab balaayen le ke ye kehti thi baar baar
زینب بلائیں لے کے یہ کہتی تھی بار بار

Sadqe namaziyon ke muazzin ke main nisar
صدقے نمازیوں کے مؤذن کے میں نثار

Karte hain yun sana-o-sifat Zuljalal ki
کرتے ہیں یوں ثنا و صفت ذوالجلال کی

Logon azaan suno mere Yusuf jamal ki
لوگوں اذاں سنو مرے یوسف جمال کی

The King's womenfolk were weeping bitterly in the tent;
the noble Bano stood silent in the courtyard;
Zainab, taking his ills upon herself, said again and again:
"I am a sacrifice for the worshippers, I give my life for the caller to prayer!
This is how the praise and attributes of the Lord of Majesty are told.
O people, hear the call to prayer of my Joseph-fair one!

Free to read, copy and share

24

Ye husn-e-saut aur ye qirat ye shadd-o-madd
یہ حسنِ صوت اور یہ قرأت یہ شدو مد

Haqqa ke afsah-ul-fusaha hai unhin ka jadd
حقا کہ اَفصح الفصحا ہے انہیں کا جد

Goya hai lahn-e-Hazrat-e-Dawood ba khirad
گویا ہے لحن حضرتِ داؤد با خرد

Ya Rab rakh is sada ko zamaane mein ta abad
یارب رکھ اس صدا کو زمانے میں تا ابد

Shoabe sada mein pankhriyan jaise phool mein
شعبے صدا میں پنکھڑیاں جیسے پھول میں

Bulbul chahak raha hai riyaz-e-Rasool mein
بلبل چہک رہا ہے ریاضِ رسول میں

"This beauty of voice, this recitation, this rise and fall!
Truly, the most eloquent of the eloquent is his own grandfather.
It is as though it were the melody of wise David.
O Lord, keep this voice in the world for ever.
The turns of his voice are like petals in a flower;
a nightingale is singing in the garden of the Messenger.

25

Meri taraf se koi balaayen to lene jaaye
میری طرف سے کوئی بلائیں تو لینے جائے

Ain-ul-kamal se tujhe bachche Khuda bachaaye
عین الکمال سے تجھے بچے خدا بچائے

Wo lauzai ke jis ki talaqat dilon ko bhaaye
وہ لوذعی کہ جس کی طلاقت دلوں کو بھائے

Do do din ek boond bhi paani ki wo na paaye
دو دو دن ایک بوند بھی پانی کی وہ نہ پائے

Ghurbat mein par gayi hai musibat Husain par
غربت میں پڑ گئی ہے مصیبت حسین پر

Faaqa ye teesra hai mere noor-e-ain par
فاقہ یہ تیسرا ہے مرے نورِ عین پر

"Let someone go for me and take his ills upon them!
My child, may God keep you from the evil eye!
That eloquent one whose fluent speech delights every heart,
that for two whole days he should not find a single drop of water!
Far from home, calamity has fallen upon Husain;
this is the third day of hunger for the light of my eyes."

Free to read, copy and share

26

Saf mein hua jo nara-e-qad qamat-is-salat	صف میں ہوا جو نعرۂ قدقامت الصلوٰۃ
Qaim hui namaz uthe shah-e-kainat	قائم ہوئی نماز اٹھے شاہِ کائنات
Wo noor ki safen wo musalli malak sifat	وہ نور کی صفیں وہ مصلی ملک صفات
Qadmon se jin ki milti thi aankhen rah-e-najat	قدموں سے جن کی ملتی تھی آنکھیں رہِ نجات
Jalwa tha ta ba arsh-e-mualla Husain ka	جلوہ تھا تا بہ عرشِ معلیٰ حسین کا
Mushaf ki lauh thi ke musalla Husain ka	مصحف کی لوح تھی کہ مصلی حسین کا

When the call 'The prayer has begun' rang out along the row,
the prayer was established, and the King of creation rose.
Those rows of light, those worshippers with the qualities of angels,
against whose feet the path of salvation rubbed its eyes!
Husain's radiance reached up to the exalted Throne;
was it the tablet of the Holy Book, or Husain's prayer mat?

27

Ik saf mein sab Muhammad-o-Haidar ke rishta daar	اک صف میں سب محمد و حیدر کے رشتہ دار
Athaara naujawan the agar kijiye shumar	اٹھارہ نوجواں تھے اگر کیجیے شمار
Par sab jigar nigar haq agah khaaksar	پر سب جگر نگار حق آگاہ خاکسار
Pera Imam-e-pak ke daata-e-rozgar	پیرہ امام پاک کے داتائے روزگار
Tasbeeh har taraf tah-e-aflak unhin ki hai	تسبیح ہر طرف تہ افلاک انہیں کی ہے
Jis par durood parhte hain ye khaak unhin ki hai	جس پر درود پڑھتے ہیں یہ خاک انہیں کی ہے

In one row stood all the kinsmen of Muhammad and Haidar,
eighteen young men, if you count them,
but all wounded at heart, knowing the truth, humble,
followers of the pure Imam, the wise ones of the age.
The prayer beads everywhere beneath the heavens are theirs;
this dust over which blessings are recited is theirs.

Free to read, copy and share

28

Duniya se uth gaya wo qiyam aur wo quood
دنیا سے اٹھ گیا وہ قیام اور وہ قعود

Un ke liye thi bandagi-e-Wajib-ul-Wujood
ان کے لیے تھی بندگی واجب الوجود

Wo ijz wo taweel rukoo aur wo sujood
وہ عجز وہ طویل رکوع اور وہ سجود

Taat mein neest jaante the apni hast-o-bood
طاعت میں نیست جانتے تھے اپنی ہست و بود

Taaqat na chalne phirne ki thi haath paaon mein
طاقت نہ چلنے پھرنے کی تھی ہاتھ پاؤں میں

Gir gir ke sajde kar gaye teghon ki chhaaon mein
گر گر کے سجدے کر گئے تیغوں کی چھاؤں میں

That standing and sitting in prayer has gone from the world;
for them was the worship of the Necessary Being:
that humility, those long bowings, and those prostrations!
In obedience they counted their very being as nothing.
There was no strength left in their hands and feet to move,
yet falling and falling they prostrated beneath the shade of swords.

29

Haath un ke jab qunoot mein uthe soo-e-Khuda
ہاتھ ان کے جب قنوت میں اٹھے سوئے خدا

Khud ho gaye falak pe achabat ke baab wa
خود ہو گئے فلک پہ اچابت کے باب وا

Tharraaye aasmaan hila arsh-e-kibriya
تھرائے آسماں ہلا عرش کبریا

Shah par the donon haath pa-e-tair-e-dua
شہ پر تھے دونوں ہاتھ پئے طائر دعا

Wo khaaksar mahw-e-tazarru the farsh par
وہ خاکسار محوِ تضرع تھے فرش پر

Rooh-ul-Qudus ki tarah duaayen thin arsh par
روح القدس کی طرح دعائیں تھیں عرش پر

When their hands rose toward God in the standing supplication,
the gates of answer in the heavens opened of themselves;
the skies trembled, the throne of His majesty shook;
both their hands were wings for the bird of prayer.
Those humble ones lay rapt in entreaty on the ground;
like the Holy Spirit, their prayers were at the Throne.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

30

Farigh hue namaz se jab qibla-e-anam
فارغ ہوئے نماز سے جب قبلۂ انام

Aaye musafahe ko jawanan-e-tishna kaam
آئے مصافحے کو جوانانِ تشنہ کام

Choome kisi ne dast-e-shahanshah khaas-o-aam
چومے کسی نے دستِ شہنشاہ خاص و عام

Aankhen malin qadam pe kisi ne ba ehtiram
آنکھیں ملیں قدم پہ کسی نے با حترام

Kya dil the kya sipah-e-rasheed-o-saeed thi
کیا دل تھے کیا سپاہِ رشید و سعید تھی

Baham muanaqe the ke marne ki eid thi
باہم معانقے تھے کہ مرنے کی عید تھی

When the Qibla of mankind had finished the prayer,
the thirsty young men came to clasp his hand;
high and low, one kissed the hand of the King of kings,
another reverently rubbed his eyes upon his feet.
What hearts they were! What a rightly guided, blessed army!
They embraced one another, for it was the festival of dying.

31

Baithe the jaa namaz pe shah-e-falak sareer
بیٹھے تھے جا نماز پہ شاہِ فلک سریر

Nagah qareeb aa ke gire teen chaar teer
ناگہ قریب آ کے گرے تین چار تیر

Dekha har ik ne mur ke soo-e-lashkar-e-shareer
دیکھا ہر اک نے مڑ کے سوئے لشکرِ شریر

Abbas uthe taul ke shamsheer-e-be nazeer
عباس اٹھے تول کے شمشیر بے نظیر

Parwana the siraj-e-imamat ke noor par
پروانہ تھے سراج امامت کے نور پر

Roki sipar huzoor-e-karamat zuhoor par
روکی سپر حضور کرامت ظہور پر

The King, whose throne is the sky, was sitting on the prayer mat
when suddenly three or four arrows fell close by.
Each one turned and looked toward the army of the wicked;
Abbas rose, weighing in his hand his matchless sword.
They were moths about the light of the lamp of the Imamate;
he held up his shield before his master, whose wonders shine forth.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

32

Akbar se mur ke kehne lage sarwar-e-zaman
اکبر سے مڑ کے کہنے لگے سرورِ زماں

Tum jaa ke keh do kheme mein ye ae pidar ki jaan
تم جا کے کہہ دو خیمے میں یہ اے پدر کی جاں

Baandhe hai sar kashi par kamar lashkar-e-giran
باندھے ہے سر کشی پر کمر لشکرِ گراں

Bachchon ko le ke sahn se hat jaayen beebiyan
بچوں کو لے کے صحن سے ہٹ جائیں بیبیاں

Ghaflat mein teer se koi bachcha talaf na ho
غفلت میں تیر سے کوئی بچہ تلف نہ ہو

Dar hai mujhe ke gardan-e-Asghar hadaf na ho
ڈر ہے مجھے کہ گردنِ اصغر ہدف نہ ہو

The leader of the age turned to Akbar and said,
"Go, my darling, and tell them in the tent
that the mighty army has girded itself for rebellion;
let the ladies take the children out of the courtyard,
lest some child, unheeding, be killed by an arrow;
I fear that Asghar's neck may become the target."

33

Kehte the ye pisar se shah-e-aasmaan sareer
کہتے تھے یہ پسر سے شہِ آسماں سریر

Fizza pukaari deorhi se ae khalq ke amir
فضہ پکاری ڈیوڑھی سے اے خلق کے امیر

Hai hai Ali ki betiyan kis jaa hon gosha geer
ہے ہے علی کی بیٹیاں کس جا ہوں گوشہ گیر

Asghar ke gaahwaare tak aa kar gire hain teer
اصغر کے گاہوارے تک آ کر گرے ہیں تیر

Garmi mein saari raat ye ghut ghut ke roye hain
گرمی میں ساری رات یہ گھٹ
گھٹ کے روئے ہیں

Bachche abhi to sard hawa pa ke soye hain
بچے ابھی تو سرد ہوا پا کے سوئے ہیں

While the King, whose throne is the sky, was saying this to his son,
Fizza cried from the entrance, "O lord of all creation,
alas, where are Ali's daughters to hide themselves?
The arrows have fallen right up to Asghar's cradle.
In the heat these little ones wept all night, choking with sobs;
the children have only just fallen asleep in the cool air.

Free to read, copy and share

34

Baqir kahin para hai Sakina kahin hai ghash
باقر کہیں پڑا ہے سکینہ کہیں ہے غش

Garmi ki fasl ye tab-o-taab aur ye atash
گرمی کی فصل یہ تب و تاب اور یہ عطش

Ro ro ke so gaye hain saghiran-e-maah wash
رو رو کے سو گئے ہیں صغیران ماہ وش

Bachchon ko le ke yaan se kahan jaayen faaqa kash
بچوں کو لے کے یاں سے کہاں جائیں فاقہ کش

Ye kis khata pe teer paya pai baraste hain
یہ کس خطا پہ تیر پیا پے برستے ہیں

Thandi hawa ke waaste bachche taraste hain
ٹھنڈی ہوا کے واسطے بچے ترستے ہیں

"Baqir lies in one place, Sakina in another, fainting;
the season of heat, this fever and burning, and this thirst!
The moon-faced little ones have cried themselves to sleep;
where can the starving take the children from here?
For what offence do the arrows rain down one after another?
The children long for a breath of cool air."

35

The ye shor sun ke Imam-e-falak waqar
ٹھے یہ شور سن کے امامِ فلک وقار

Deorhi tak aaye tak dhaalon ko rad ke rafeeq-o-yaar
ڈیوڑھی تک آئے تک ڈھالوں کو رد کے رفیق و یار

Farmaaya mur ke chalte hain ab bahr-e-karzar
فرمایا مڑ کے چلتے ہیں اب بہرِ کارزار

Kamren kaso jihad pe mangwao rahwar
کمریں کسو جہاد پہ منگواؤ راہوار

Dekhen faza behisht ki dil baagh baagh ho
دیکھیں فضا بہشت کی دل باغ باغ ہو

Ummat ke kaam se kahin jaldi faragh ho
امت کے کام سے کہیں جلدی فراغ ہو

Hearing this clamour, the Imam of heavenly dignity rose;
his companions and friends came to the entrance, holding up their shields.
Turning, he said, "Now we march to the field of battle;
gird yourselves for fighting in God's way, send for the horses.
Let us see the air of paradise and let our hearts rejoice;
may we soon be done with the work we owe the community."

Free to read, copy and share

36

Farma ke ye haram mein gaye shah-e-bahr-o-bar
فرما کے یہ حرم میں گئے شاہِ بحر و بر

Hone lagin safon mein kamar bandiyan idhar
ہونے لگیں صفوں میں کمر بندیاں ادھر

Jaushan pahan ke Hazrat-e-Abbas namwar
جوشن پہن کے حضرتِ عباس نامور

Darwaaze pe tahalne lage misl-e-sher-e-nar
دروازے پہ ٹہلنے لگے مثلِ شیرِ نر

Partau se rukh ke barq chamakti thi khaak par
پرتو سے رخ کے برق چمکتی تھی خاک پر

Talwar haath mein thi sipar dosh-e-pak par
تلوار ہاتھ میں تھی سپر دوشِ پاک پر

Having said this, the King of land and sea went into the women's tent;
out here the ranks began to gird themselves.
Putting on his armour, the renowned Abbas
began to pace before the door like a lion.
Lightning from the radiance of his face flashed upon the ground;
his sword was in his hand, his shield upon his pure shoulder.

37

Shaukat mein rashk-e-taaj-e-
Sulaiman tha khood-e-sar
شوکت میں رشکِ تاجِ سلیمان تھا خودِ سر

Kalghi pe laakh baar tasadduq huma ke par
کلغی پہ لاکھ بار تصدق ہما کے پر

Dastaane donon fath ka maskan zafar ka ghar
دستانے دونوں فتح کا مسکن ظفر کا گھر

Wo raub al-aman wo tahawwur ke al-hazar
وہ رعب الامان وہ تہور کہ الحذر

Jab aisa bhai zulm ki teghon mein aar ho
جب ایسا بھائی ظلم کی تیغوں میں آڑ ہو

Phir kis tarah na bhai ki chhaati pahaar ho
پھر کس طرح نہ بھائی کی چھاتی پہاڑ ہو

In majesty the helmet on his head was the envy of Solomon's crown;
the wings of the huma were a hundred thousand times devoted to its plume.
His two gauntlets were the dwelling of victory, the house of triumph;
such awe that men cried for mercy, such daring that they cried 'Beware!'
When such a brother stands as a shield amid the swords of tyranny,
how should the brother's breast not be as firm as a mountain?

Free to read, copy and share

38

Kheme mein jaa ke shah ne ye dekha haram ka haal
خیمے میں جا کے شہ نے یہ دیکھا حرم کا حال

Chehre to faq hain aur khule hain saron ke baal
چہرے تو فق ہیں اور کھلے ہیں سروں کے بال

Zainab ki ye dua hai ke ae Rab-e-Zuljalal
زینب کی یہ دعا ہے کہ اے رب ذوالجلال

Bach jaaye is fasad se Khair-un-Nisa ka laal
بچ جائے اس فساد سے خیر النسا کا لال

Bano-e-nek naam ki kheti hari rahe
بانوئے نیک نام کی کھیتی ہری رہے

Sandal se maang bachchon se godi bhari rahe
صندل سے مانگ بچوں سے گودی بھری رہے

Going into the tent, the King saw how it was with the women:
their faces drained of colour, the hair of their heads unbound.
Zainab was praying, "O Lord of Majesty,
let the son of Khair-un-Nisa be saved from this strife;
may the harvest of Bano, of good name, stay green,
her parting filled with sandalwood, her lap with children.

39

Aafat mein hai musafir-e-sahra-e-Karbala
آفت میں ہے مسافرِ صحرائے کربلا

Be kas pe ye charhaai hai Sayyid pe ye jafa
بے کس پہ یہ چڑھائی ہے سید پہ یہ جفا

Ghurbat mein than gayi jo larai to hoga kya
غربت میں ٹھن گئی جو لڑائی تو ہوگا کیا

In nanhe nanhe bachchon pe kar rahm ae Khuda
ان ننھے ننھے بچوں پہ کر رحم اے خدا

Faaqon se jaan ba lab hain atash se halak hain
فاقوں سے جاں بلب ہیں عطش سے ہلاک ہیں

Ya Rab tere Rasool ki hum aal-e-pak hain
یارب ترے رسول کی ہم آلِ پاک ہیں

"The traveller in the desert of Karbala is in distress;
such an onslaught on a friendless man, such cruelty to a Sayyid!
If a battle breaks out, far from home, what will become of us?
O God, have mercy on these tiny children!
We are at death's door from hunger, perishing of thirst;
O Lord, we are the pure family of Your Messenger!

Free to read, copy and share

40

Sar par na ab Ali na Rasool-e-falak waqar
سر پر نہ اب علی نہ رسولِ فلک وقار

Ghar lut gaya guzar gayin khatoon-e-rozgar
گھر لٹ گیا گذر گئیں خاتونِ روزگار

Ammaan ke baad roi Hasan ko main sogwar
اماں کے بعد روئی حسن کو میں سوگوار

Duniya mein ab Husain hai un sab ka yaadgar
دنیا میں اب حسین ہے ان سب کا یادگار

Tu daad de meri ke adalat panah hai
تو داد دے مری کہ عدالت پناہ ہے

Kuchh is pe ban gayi to ye majma tabah hai
کچھ اس پہ بن گئی تو یہ مجمع تباہ ہے

"No Ali is over our heads now, no Messenger of heavenly dignity;
our home is plundered, the Lady of the age has passed away.
After my mother, I mourned and wept for Hasan;
now Husain alone is left in the world to remember them all by.
Grant me justice, for You are the refuge of justice;
if anything befalls him, this whole gathering is ruined."

41

Bole qareeb jaa ke shah-e-aasmaan janab
بولے قریب جا کے شہِ آسماں جناب

Muztar na ho duaayen hain tum sab ki mustajab
مضطر نہ ہو دعائیں ہیں تم سب کی مستجاب

Maghroor hain khata pe hain ye khanuman kharab
مغرور ہیں خطا پہ ہیں یہ خانماں خراب

Khud jaa ke main dikhaata hoon un ko rah-e-sawab
خود جا کے میں دکھاتا ہوں ان کو رہِ صواب

Mauqa behan nahin abhi faryad-o-aah ka
موقع بہن نہیں ابھی فریاد و آہ کا

Laao tabarrukat-e-risalat panah ka
لاؤ تبرکات رسالت پناہ کا

The King of heavenly rank went close to her and said,
"Do not be distressed; all your prayers are answered.
These ruined wretches are proud and in the wrong;
I shall go myself and show them the right path.
Sister, this is not yet the time for crying out and sighing;
bring the sacred relics of the Messenger."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

42

Meraj mein Rasool ne pahna tha jo libas
معراج میں رسول نے پہنا تھا جو لباس

Kashti mein laayin Zainab use shah-e-deen ke paas
کشتی میں لائیں زینب اسے شاہِ دیں کے پاس

Sar par rakha amama-e-sardar-e-haq shanas
سر پر رکھا عمامۂ سردارِ حق شناس

Pahni qaba-e-pak-e-Rasool-e-falak asas
پہنی قبائے پاکِ رسول فلک اساس

Bar mein durust-o-chust tha jama Rasool ka
بر میں درست و چست تھا جامہ رسول کا

Rumal Fatima ka amama Rasool ka
رومال فاطمہ کا عمامہ رسول کا

The garment the Messenger had worn on the Night of Ascension,
Zainab brought it on a tray to the King of the faith.
He set on his head the turban of the chief who knew the truth,
and put on the pure cloak of the Messenger whose foundation is the heavens.
The Messenger's robe sat true and close upon his body:
Fatima's kerchief, the Messenger's turban.

43

Shamle do sire jo pare the ba sad waqar
شملے دو سرے جو پڑے تھے بصد وقار

Sabit ye tha ke dosh pe gesu pare hain chaar
ثابت یہ تھا کہ دوش پہ گیسو پڑے ہیں چار

Bal kha raha tha zulf-e-saman boo ka taar taar
بل کھا رہا تھا زلفِ سمن بو کا تار تار

Jis ke har ek moo pe Khata-o-Khutan nisar
جس کے ہر ایک مو پہ خطا و ختن نثار

Mushk-o-abeer-o-ood agar hain to heech hain
مشک و عبیر و عود اگر ہیں تو ہیچ ہیں

Sumbul pe kya khulen ge ye gesu ke pech hain
سنبل پہ کیا کھلیں گے یہ گیسو کے پیچ ہیں

The two ends of the turban, hanging with such dignity,
made it seem that four locks lay upon his shoulders.
Every strand of his jasmine-scented locks was curling;
Khata and Khotan would give themselves up for every hair of it.
Musk, ambergris and aloes-wood, if they exist at all, are worthless;
these are the coils of his locks: how could the hyacinth fathom them?

Free to read, copy and share

44

Kapron se aa rahi thi Rasool-e-zaman ki boo
کپڑوں سے آ رہی تھی رسولِ زمن کی بو

Dulha ne soonghi hogi na aisi dulhan ki boo
دولھا نے سونگھی ہوگی نہ ایسی دلہن کی بو

Haidar ki Fatima ki Husain-o-Hasan ki boo
حیدر کی فاطمہ کی حسین و حسن کی بو

Phaili hui thi chaar taraf Panjtan ki boo
پھیلی ہوئی تھی چار طرف پنجتن کی بو

Lutta tha itr wadi-e-ambar sirisht mein
لٹتا تھا عطر وادیِ عنبر سرشت میں

Gul jhoomte the baagh mein Rizwan behisht mein
گل جھومتے تھے باغ میں رضواں بہشت میں

From the clothes came the scent of the Messenger of the age;
no bridegroom can ever have breathed such fragrance from his bride:
the scent of Haidar, of Fatima, of Husain and Hasan,
the scent of the Panjtan spread on every side.
Perfume was being scattered over that valley of ambergris;
the flowers swayed in the garden, and Rizwan in paradise.

45

Poshak sab pahan chuke jis dam shah-e-zaman
پوشاک سب پہن چکے جس دم شہِ زمن

Le kar balaayen bhai ki rone lagi behan
لیکر بلائیں بھائی کی رونے لگی بہن

Chillaai haaye aaj nahin Haidar-o-Hasan
چلائی ہائے آج نہیں حیدر و حسن

Ammaan kahan se laaye tumhen ab ye be watan
اماں کہاں سے لائے تمہیں اب یہ بے وطن

Rukhsat hai ab Rasool ke Yusuf jamal ki
رخصت ہے اب رسول کے یوسف جمال کی

Sadqe gayi balaayen to lo apne laal ki
صدقے گئی بلائیں تو لو اپنے لال کی

When the King of the age had put on all the garments,
his sister took his ills upon herself and began to weep.
She cried, "Alas, today neither Haidar nor Hasan is here!
Mother, where can this homeless one bring you from now?
It is the farewell of the Messenger's Joseph-fair one;
I would give my life! Come, take on yourself the ills of your own son."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

46

Sandooq aslaha ke jo khulwaaye shah ne
صندوق اسلحہ کے جو کھلوائے شاہ نے

Peeta munh apna Zainab-e-ismat panah ne
پیٹا منہ اپنا زینبِ عصمت پناہ نے

Pahni zirah Imam-e-falak bargah ne
پہنی زرہ امامِ فلک بارگاہ نے

Bazu pe jaushanain parhe izz-o-jaah ne
بازو پہ جوشنین پڑھے عزو جاہ نے

Jauhar badan ke husn se saare chamak gaye
جوہر بدن کے حسن سے سارے چمک گئے

Halqe the jitne utne sitaare chamak gaye
حلقے تھے جتنے اتنے ستارے چمک گئے

When the King had the chests of weapons opened,
Zainab, the refuge of chastity, beat her face.
The Imam of heavenly court put on his coat of mail;
glory and dignity recited the two Jaushan prayers over his arm.
By the beauty of his body all the mail's sheen shone out;
as many links as it had, so many stars were shining.

47

Yaad aa gaye Ali nazar aayi jo Zulfiqar
یاد آ گئے علی نظر آئی جو ذوالفقار

Qabze ko choom kar shah-e-deen roye zaar zaar
قبضے کو چوم کر شہِ دیں روئے زار زار

Tauli jo le ke haath mein shamsheer-e-aabdar
تولی جو لے کے ہاتھ میں شمشیرِ آبدار

Shaukat ne di sada ke teri shaan ke nisar
شوکت نے دی صدا کہ تری شان کے نثار

Fath-o-zafar qareeb ho nusrat qareeb ho
فتح و ظفر قریب ہو نصرت قریب ہو

Zeb is ki tujh ko zarb adoo ko naseeb ho
زیب اس کی تجھ کو ضرب عدو کو نصیب ہو

When he saw Zulfiqar, he remembered Ali;
kissing its hilt, the King of the faith wept bitterly.
As he took the gleaming sword in his hand and weighed it,
Majesty cried out, "I give my life for your glory!
May victory and triumph be near, may help be near;
may its splendour be yours, and its blow the enemy's lot!"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

48

Baandhi kamar se tegh jo Zahra ke laal ne
باندھی کمر سے تیغ جو زہرا کے لال نے

Phaara falak pe apna gareban hilal ne
پھاڑا فلک پہ اپنا گریباں ہلال نے

Dastaane pahne sarwar-e-qudsi khisal ne
دستانے پہنے سرورِ قدسی خصال نے

Meraj paayi dosh pe Hamza ki dhaal ne
معراج پائی دوش پہ حمزہ کی ڈھال نے

Rutba buland tha ke saadat nishan thi
رتبہ بلند تھا کہ سعادت نشان تھی

Saari sipar mein mohr-e-nubuwwat ki shaan thi
ساری سپر میں مہر نبوت کی شان تھی

When Zahra's son girded the sword to his waist,
the new moon tore open its collar in the sky.
The angel-natured leader put on his gauntlets;
Hamza's shield rose to its height upon his shoulder.
So high was its rank, so marked with blessing,
the whole shield bore the splendour of the seal of prophethood.

49

Hathiyar idhar laga chuke aqa-e-khaas-o-aam
ہتھیار ادھر لگا چکے آقائے خاص و عام

Taiyaar idhar hua alam-e-sayyid-e-anam
تیار ادھر ہوا علم سید انام

Khole saron ko gird thin sayyidaniyan tamam
کھولے سروں کو گرد تھیں سیدانیاں تمام

Roti thi thaame chob-e-alam khwahar-e-Imam
روتی تھی تھامے چوب علم خواہرِ امام

Teghen kamar mein dosh pe shamle pare hue
تیغیں کمر میں دوش پہ شملے پڑے ہوئے

Zainab ke laal zer-e-alam aa khare hue
زینب کے لال زیر علم آکھڑے ہوئے

Here the master of high and low had finished arming;
there the standard of the chief of mankind was made ready.
All the Sayyid ladies stood round it with their heads uncovered;
the Imam's sister wept, holding the staff of the standard.
Swords at their waists, turban-ends upon their shoulders,
Zainab's sons came and stood beneath the standard.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

50

Gardaane daamanon ko qaba ke wo gul izaar — گردانے دامنوں کو قبا کے وہ گل عذار
Mirfaq tak aasteenon ko ulte ba sad waqar — مرفق تک آستینوں کو الٹے بصد وقار
Jafar ka raub dabdaba-e-sher-e-Kirdgar — جعفر کا رعب دبدبۂ شیر کردگار
Boote se un ke qad pe namudar-o-namdar — بوٹے سے ان کے قد پہ نمودار و نامدار
Aankhen malin alam ke pharere ko choom ke — آنکھیں ملیں علم کے پھریرے کو چوم کے
Rayat ke gird phirne lage jhoom jhoom ke — رایت کے گرد پھرنے لگے جھوم جھوم کے

Those rose-cheeked boys had tucked up the skirts of their tunics
and turned back their sleeves to the elbow with great dignity;
the awe of Jafar, the majesty of the Lion of the Maker,
shone out, renowned, upon their slight young frames.
They kissed the pennant of the standard and rubbed their eyes on it,
and began to circle round the banner, swaying with joy.

51

Gah maan ko dekhte the gah janib-e-alam — کہ ماں کو دیکھتے تھے گہ جانبِ علم
Nara kabhi ye tha ke nisar-e-shah-e-umam — نعرہ کبھی یہ تھا کہ نثارِ شہِ امم
Karte the donon bhai kabhi mashware baham — کرتے تھے دونوں بھائی کبھی مشورے بہم
Aahista poochhte kabhi maan se wo zi hasham — آہستہ پوچھتے کبھی ماں سے وہ ذی حشم
Kya qasd hai Ali-e-Wali ke nishan ka — کیا قصد ہے علی ولی کے نشان کا
Ammaan kise mile ga alam nana jaan ka — اماں کسے ملے گا علم نانا جان کا

Now they looked at their mother, now toward the standard;
at times their cry was, "We are a sacrifice for the King of the nations!"
At times the two brothers took counsel together;
at times those noble boys quietly asked their mother,
"What is intended for the standard of Ali the Wali?
Mother, who will be given our grandfather's standard?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

52

Kuchh mashwara karen jo shahanshah-e-khush khisal
کچھ مشورہ کریں جو شہنشاہ خوش خصال

Hum bhi muhiq hain aap ko is ka rahe khayal
ہم بھی محق ہیں آپ کو اس کا رہے خیال

Paas-e-adab se arz ki hum ko nahin majal
پاس ادب سے عرض کی ہم کو نہیں مجال

Is ka bhi khauf hai ke na ho aap ko malal
اس کا بھی خوف ہے کہ نہ ہو آپ کو ملال

Aqa ke hum ghulam hain aur jaan nisar hain
آقا کے ہم غلام ہیں اور جانثار ہیں

Izzat talab hain naam ke ummeedwar hain
عزت طلب ہیں نام کے امیدوار ہیں

"If the gracious King of kings takes any counsel,
we too have a claim; may you keep this in mind.
Out of respect we have not the boldness to ask it ourselves,
and we fear, too, that you may be displeased.
We are our master's servants, ready to give our lives;
we seek honour and long for a name."

53

Be misl the Rasool ke lashkar ke sab jawan
بے مثل تھے رسول کے لشکر کے سب جواں

Lekin hamaare jadd ko Nabi ne diya nishan
لیکن ہمارے جد کو نبی نے دیا نشاں

Khaibar mein dekhta raha munh lashkar-e-giran
خیبر میں دیکھتا رہا منہ لشکرِ گراں

Paaya alam Ali ne magar waqt-e-imtihan
پایا علم علی نے مگر وقتِ امتحاں

Taaqat mein kuchh kami nahin go bhooke pyaase hain
طاقت میں کچھ کمی نہیں گو بھوکے پیاسے ہیں

Pote unhin ke hum hain unhin ke nawaase hain
پوتے انہیں کے ہم ہیں انہیں کے نواسے ہیں

"All the young men in the Messenger's army were matchless,
yet it was to our grandfather that the Prophet gave the banner.
At Khaibar the great army could only stand and stare;
at the hour of trial it was Ali who won the standard.
There is no lack of strength in us, though we are hungry and thirsty;
we are his own grandsons, his daughter's sons."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

54

Zainab ne tab kaha tumhen is se kya hai kaam
زینب نے تب کہا تمہیں اس سے کیا ہے کام

Kya dakhl mujh ko malik-o-mukhtar hain Imam
کیا دخل مجھ کو مالک و مختار ہیں امام

Dekho na kijo be adabana koi kalam
دیکھو نہ کیجو بے ادبانہ کوئی کلام

Bigroon gi main jo loge alam ka zaban se naam
بگڑوں گی میں جو لوگے علم کا زباں سے نام

Lo jaao bas khare ho alag haath jor ke
لو جاؤ بس کھڑے ہو الگ ہاتھ جوڑ کے

Kyun aaye ho yahan Ali Akbar ko chhor ke
کیوں آئے ہو یہاں علی اکبر کو چھوڑ کے

Then Zainab said, "What business is this of yours?
What say have I? The Imam is master and has the choice.
Take care that you say nothing disrespectful;
I shall be angry if you so much as name the standard.
Go now, enough; stand aside with your hands folded.
Why have you come here, leaving Ali Akbar's side?"

55

Sarko, hato, barho, na khare ho alam ke paas
سرکو، ہٹو، بڑھو، نہ کھڑے ہو علم کے پاس

Aisa na ho ke dekh len shah-e-falak asas
ایسا نہ ہو کہ دیکھ لیں شاہ فلک اساس

Khote ho aur aaye ho tum mere hawas
کھوتے ہو اور آئے ہو تم مرے حواس

Bas qabil-e-qubool nahin hai ye iltimas
بس قابل قبول نہیں ہے یہ التماس

Rone lagoge tum jo bura ya bhala kahoon
رونے لگوگے تم جو برا یا بھلا کہوں

Is zid ko bachpane ke siwa aur kya kahoon
اس ضد کو بچپنے کے سوا اور کیا کہوں

"Move aside, step back, go! Do not stand by the standard,
lest the King, whose foundation is the heavens, should see.
You come here and rob me of my senses;
enough! This request cannot be granted.
You will start to cry if I say a hard word;
what can I call this stubbornness but childishness?"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

56

Umren qaleel aur hawas-e-mansab-e-jaleel
عمریں قلیل اور ہوس منصب جلیل

Achchha nikaalo qad ke bhi barhne ki kuchh sabeel
اچھا نکالو قد کے بھی بڑھنے کی کچھ سبیل

Maan sadqe jaaye garche ye himmat ki hai dalil
ماں صدقے جائے گرچہ یہ ہمت کی ہے دلیل

Haan apne ham sinon mein tumhaara nahin adeel
ہاں اپنے ہم سنوں میں تمہارا نہیں عدیل

Lazim hai soche ghaur kare pesh-o-pas kare
لازم ہے سوچے غور کرے پیش و پس کرے

Jo ho sake na kyun bashar us ki hawas kare
جو ہو سکے نہ کیوں بشر اس کی ہوس کرے

"Your years are few, and you crave a lofty office!
Very well, then find some way for your height to grow as well.
Your mother would give her life for you, though this is a proof of courage;
yes, among those of your age you have no equal.
One should think, reflect, and weigh what comes before and after;
why should anyone covet what is beyond his reach?"

57

In nanhe munhe haathon se uthe ga ye alam
ان ننھے منھے ہاتھوں سے اٹھے گا یہ علم

Chhote qadon mein sab se sinon mein sabhon se kam
چھوٹے قدوں میں سب سے
سنوں میں سبھوں سے کم

Niklen tanon se sibt-e-Nabi ke qadam pe dam
نکلیں تنوں سے سبط نبی کے قدم پہ دم

Ohda yahi hai bas yahi mansab yahi hasham
عہدہ یہی ہے بس یہی منصب یہی حشم

Rukhsat talab agar ho to ye mera kaam hai
رخصت طلب اگر ہو تو یہ میرا کام ہے

Maan sadqe jaaye aaj to marne mein naam hai
ماں صدقے جائے آج تو مرنے میں نام ہے

"Will this standard be lifted by these tiny hands?
Of them all you are the shortest in height, the youngest in years.
May the breath leave your bodies at the feet of the Prophet's grandson:
that alone is the office, that the rank, that the glory.
If you want leave to go to battle, that I can see to;
your mother would give her life for you: today the name is won in dying."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

58

Phir tum ko kya buzurg the gar fakhr-e-rozgar
پھر تم کو کیا بزرگ تھے گر فخرِ روزگار

Zeba nahin hai jo wasf-e-izafi iftikhar
زیبا نہیں ہے جو وصفِ اضافی افتخار

Jauhar wo hain jo tegh kare aap ashkar
جوہر وہ ہیں جو تیغ کرے آپ آشکار

Dikhla do aaj Haidar-o-Jafar ki karzar
دکھلا دو آج حیدر و جعفر کی کارزار

Tum kyun kaho ke laala Khuda ke wali ke hain
تم کیوں کہو کہ لالہ خدا کے ولی کے ہیں

Faujen pukaaren khud ke nawaase Ali ke hain
فوجیں پکاریں خود کہ نواسے علی کے ہیں

"What is it to you if your elders were the pride of the age?
It does not become you to take pride in a borrowed merit.
True worth is what the sword itself reveals;
show today the fighting of Haidar and Jafar.
Why should you say that you are the sons of God's friend?
Let the armies themselves cry out, 'These are Ali's grandsons!'"

59

Kya kuchh alam se Jafar-e-Tayyar ka tha naam
کیا کچھ علم سے جعفر طیار کا تھا نام

Ye bhi thi ik ata-e-Rasool-e-falak maqam
یہ بھی تھی اک عطائے رسول فلک مقام

Bigri laraaiyon mein ban aaye unhin se kaam
بگڑی لڑائیوں میں بن آئے انہیں سے کام

Jab khenchte the tegh to hilta tha Room-o-Shaam
جب کھینچتے تھے تیغ تو ہلتا تھا روم و شام

Be jaan hue to nakhl-e-wagha ne samar diye
بے جاں ہوئے تو نخل وغا نے ثمر دیے

Haathon ke badle Haq ne jawahar ke par diye
ہاتھوں کے بدلے حق نے جواہر کے پر دیے

"How great a name Jafar the Flier won by the standard!
This too was a gift of the Messenger of heavenly rank.
In battles gone wrong, it was he who set things right;
when he drew his sword, Byzantium and Syria shook.
When he lost his life, the palm of war bore fruit:
in place of his hands, God gave him wings of jewels."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

60

Lashkar ne teen roz hazimat uthaai jab
لشکر نے تین روز ہزیمت اٹھائی جب

Bakhsha alam Rasool-e-Khuda ne Ali ko tab
بخشا علم رسول خدا نے علی کو تب

Marhab ko qatl kar ke barha jab wo sher-e-Rab
مرحب کو قتل کر کے بڑھا جب وہ شیر رب

Dar band kar ke qila ka bhaagi sipah sab
در بند کر کے قلعہ کا بھاگی سپاہ سب

Ukhra wo yun giran tha jo dar sang-e-sakht se
اکھڑا وہ یوں گراں تھا جو در سنگِ سخت سے

Jis tarah tor le koi patta darakht se
جس طرح توڑ لے کوئی پتا درخت سے

"When the army had suffered defeat for three days,
then the Messenger of God gave the standard to Ali.
When that Lion of the Lord slew Marhab and pressed on,
the whole garrison shut the gate of the fort and fled.
That gate, heavy as it was, came away from the hard rock
as one might pluck a leaf from a tree."

61

Narghe mein teen din se hai Mushkil-kusha ka laal
نرغے میں تین دن سے ہے مشکل کشا کا لال

Ammaan ka baagh hota hai jangal mein paimal
اماں کا باغ ہوتا ہے جنگل میں پائمال

Poochha na ye ke khole hain tum ne sar ke baal
پوچھا نہ یہ کہ کھولے ہیں تم نے سر کے بال

Main lut rahi hoon aur tumhen mansab ka hai khayal
میں لٹ رہی ہوں اور تمہیں
منصب کا ہے خیال

Gham khwar tum mere ho na ashiq Imam ke
غم خوار تم مرے ہو نہ عاشق امام کے

Maloom ho gaya mujhe talib ho naam ke
معلوم ہو گیا مجھے طالب ہو نام کے

"For three days the son of the Remover of difficulties has been hemmed in;
your mother's garden is being trampled in the wilderness.
You did not even ask why I have uncovered my hair;
I am being plundered, and you are thinking of rank!
You neither share my grief nor love the Imam;
now I know: it is a name you are after."

Free to read, copy and share

62

Haathon ko jor jor ke bole wo laala faam
Ghusse ko aap thaam len ae khwahar-e-Imam
Wallah kya majal jo ab len alam ka naam
Khul jaaye ga laren ge jo ye ba wafa ghulam
Faujen bhaga ke ganj-e-shaheedan mein soyen ge
Tab qadr hogi aap ko jab hum na hoyen ge

ہاتھوں کو جوڑ جوڑ کے بولے وہ لالہ فام
غصے کو آپ تھام لیں اے خواہر امام
واللہ کیا مجال جو اب لین علم کا نام
کھل جائے گا لڑیں گے جو یہ با وفا غلام
فوجیں بھگا کے گنجِ شہیداں میں سوئیں گے
تب قدر ہوگی آپ کو جب ہم نہ ہوئیں گے

Folding their hands again and again, those tulip-faced boys said,
"Please restrain your anger, O sister of the Imam!
By Allah, how should we now dare even to name the standard?
It will all be seen when these faithful servants fight.
We shall rout the armies and sleep in the martyrs' resting place;
then you will know our worth, when we are no more."

63

Ye keh ke bas hate jo saadat nishan pisar
Chhaati bhar aayi maan ne kaha tha ke jigar
Dete ho apne marne ki pyaaro mujhe khabar
Thehro zara balaayen to le le ye nauha gar
Kya sadqe jaaoon maan ki naseehat buri lagi
Bachcho ye kya kaha ke jigar par chhuri lagi

یہ کہہ کے بس ہٹے جو سعادت نشاں پسر
چھاتی بھر آئی ماں نے کہا تھا کہ جگر
دیتے ہو اپنے مرنے کی پیارو مجھے خبر
ٹھہرو ذرا بلائیں تو لے لے یہ نوحہ گر
کیا صدقے جاؤں ماں کی نصیحت بری لگی
بچو یہ کیا کہا کہ جگر پر چھری لگی

When, having said this, the blessed sons stepped aside,
the mother's heart overflowed; holding her heart, she said,
"My darlings, you bring me news of your own deaths!
Wait a little; let this mourner take your ills upon herself.
Your mother would give her life for you; did her counsel hurt you?
Children, what have you said? A knife has struck my heart."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

64

Zainab ke paas aa ke ye bole shah-e-zaman
زینب کے پاس آ کے یہ بولے شہِ زمن

Kyun tum ne donon beton ko baaten sunin behan
کیوں تم نے دونوں بیٹوں کو باتیں سنیں بہن

Sheron ke sher aqil-o-jarrar-o-saf shikan
شیروں کے شیر عاقل و جرار و صف شکن

Zainab waheed-e-asr hain donon ye gul badan
زینب وحید عصر ہیں دونوں یہ گل بدن

Yun dekhne ko sab mein buzurgon ke taur hain
یوں دیکھنے کو سب میں بزرگوں کے طور ہیں

Tevar hi un ke aur iraade hi aur hain
تیور ہی ان کے اور ارادے ہی اور ہیں

Coming to Zainab, the King of the age said,
"Well, sister, did you hear what your two sons said?
Lions among lions, wise, fierce, breakers of ranks;
Zainab, these two flower-bodied boys are unique in their age.
To look at, they have the bearing of their elders in every way;
their mettle is something else, their resolve is something else."

65

Nau das baras ke sin ye jurat ye walwale
نو دس برس کے سن یہ جرأت یہ ولولے

Bachche kisi ne dekhe hain aise bhi man chale
بچے کسی نے دیکھے ہیں ایسے بھی من چلے

Iqbal kyunke ar ke na qadmon se munh male
اقبال کیونکہ ار کے نہ قدموں سے منہ ملے

Kis god mein bare hue kis doodh se pale
کس گود میں بڑے ہوئے کس دودھ سے پلے

Be shak ye warsa daar-e-janab-e-Amir hain
بے شک یہ ورثہ دارِ جنابِ امیر ہیں

Par kya kahoon ke donon ki umren sagheer hain
پر کیا کہوں کہ دونوں کی عمریں صغیر ہیں

"Only nine or ten years old, and such daring, such fervour!
Has anyone ever seen children so high-spirited?
How should fortune not come and lay its face at their feet?
In what a lap they grew up, on what milk they were nursed!
No doubt they are the heirs of the Commander of the Faithful;
but what can I say? Both of them are young in years."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

66

Ab tum jise kaho use den fauj ka alam
Ki arz jo salah shah-e-aasmaan hasham
Farmaaya jab se uth gayin Zahra-e-ba karam
Us din se tum ko maan ki jagah jaante hain hum
Malik ho tum buzurg koi ho ke khurd ho
Jis ko kaho usi ko ye ohda supurd ho

اب تم جسے کہو اسے دیں فوج کا علم
کی عرض جو صلاح شہِ آسماں حشم
فرمایا جب سے اٹھ گئیں زہرائے باکرم
اس دن سے تم کو ماں کی جگہ جانتے ہیں ہم
مالک ہو تم بزرگ کوئی ہو کہ خرد ہو
جس کو کہو اسی کو یہ عہدہ سپرد ہو

"Now let the army's standard be given to whomever you name."
When the King of heavenly glory had asked her counsel,
he said, "Ever since the generous Zahra passed away,
from that day we have held you in a mother's place.
The choice is yours, whether it be someone older or younger;
whomever you name, to him let this office be given."

67

Bolin behan ke aap bhi to len kisi ka naam
Hai kis taraf tawajjuh-e-sardar-e-khaas-o-aam
Gar mujh se poochhte hain shah-e-aasmaan maqam
Quran ke baad hai to hai bas aap ka kalam
Shaukat mein qad mein shaan mein hamsar koi nahin
Abbas naam daar se behtar koi nahin

بولیں بہن کہ آپ بھی تولیں کسی کا نام
ہے کس طرف توجہ سردار خاص و عام
گر مجھ سے پوچھتے ہیں شہِ آسماں مقام
قرآں کے بعد ہے تو ہے بس آپ کا کلام
شوکت میں قد میں شان میں ہمسر کوئی نہیں
عباس نام دار سے بہتر کوئی نہیں

The sister said, "You too should name someone:
toward whom does the lord of high and low incline?
If the King of heavenly station is asking me,
after the Quran, your word alone is the word.
In majesty, in stature, in glory he has no equal:
there is none better than the renowned Abbas."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

68

Ashiq ghulam khadim-e-dereena jaan nisar
عاشق غلام خادمِ دیرینہ جاں نثار

Farzand bhai zeenat-e-pehlu wafa shiar
فرزند بھائی زینتِ پہلو وفا شعار

Jarrar yaadgar-e-pidar fakhr-e-rozgar
جرار یادگارِ پدر فخرِ روزگار

Rahat rasan mutee namudar naam daar
راحت رساں مطیع نمودار نام دار

Safdar hai sher dil hai bahadur hai nek hai
صفدر ہے شیر دل ہے بہادر ہے نیک ہے

Be misl saikron mein hazaron mein ek hai
بے مثل سیکڑوں میں ہزاروں میں ایک ہے

"Devoted, a servant, a retainer of long standing, ready to give his life,
a son, a brother, an ornament at your side, faithful by nature,
fierce in battle, his father's keepsake, the pride of the age,
a bringer of comfort, obedient, distinguished, renowned;
he is a breaker of ranks, lion-hearted, brave and good,
matchless among hundreds, one in a thousand."

69

Aankhon mein ashk bhar ke ye bole shah-e-zaman
آنکھوں میں اشک بھر کے یہ بولے شہ زمن

Haan thi yahi Ali ki wasiyyat bhi ae behan
ہاں تھی یہی علی کی وصیت بھی اے بہن

Achchha bulaayen aap kidhar hai wo saf shikan
اچھا بلائیں آپ کدھر ہے وہ صف شکن

Akbar chacha ke paas gaye sun ke ye sukhan
اکبر چچا کے پاس گئے سن کے یہ سخن

Ki arz intizar hai shah-e-ghayoor ko
کی عرض انتظار ہے شاہِ غیور کو

Chaliye phuphi ne yaad kiya hai huzoor ko
چلیے پھوپھی نے یاد کیا ہے حضور کو

His eyes filling with tears, the King of the age said,
"Yes, sister, this too was Ali's will.
Very well, call him; where is that breaker of ranks?"
Hearing these words, Akbar went to his uncle
and said, "The proud King is waiting for you;
please come, sir; my aunt has sent for you."

Free to read, copy and share

70

Abbas aaye haathon ko jore huzoor-e-shah
عباس آئے ہاتھوں کو جوڑے حضورِ شاہ

Jaao behan ke paas ye bola wo deen panah
جاؤ بہن کے پاس یہ بولا وہ دیں پناہ

Zainab waheen alam liye aayin ba izz-o-jaah
زینب وہیں علم لیے آئیں بہ عزو جاہ

Bole nishan ko le ke shah-e-arsh bargah
بولے نشاں کو لے کے شہِ عرش بارگاہ

Un ki khushi wo hai jo raza Panjtan ki hai
ان کی خوشی وہ ہے جو رضا پنجتن کی ہے

Lo bhai lo alam pe inayat behan ki hai
لو بھائی لو علم پہ عنایت بہن کی ہے

Abbas came before the King with folded hands.
"Go to your sister," said that refuge of the faith.
Zainab came at once, bearing the standard with glory and dignity;
taking the banner, the King whose court is the Throne said,
"Her pleasure is the pleasure of the Panjtan;
take it, brother, take the standard: it is your sister's gift."

71

Rakh kar alam pe haath jhuka wo falak waqar
رکھ کر علم پہ ہاتھ جھکا وہ فلک وقار

Hamsheer ke qadam pe mala munh ba iftikhar
ہمشیر کے قدم پہ ملا منہ بہ افتخار

Zainab balaayen le ke ye bolin ke main nisar
زینب بلائیں لے کے یہ بولیں کہ میں نثار

Abbas Fatima ki kamaai se hoshiyar
عباس فاطمہ کی کمائی سے ہوشیار

Ho jaaye aaj sulh ki surat to kal chalo
ہو جائے آج صلح کی صورت تو کل چلو

In aafaton se bhai ko le kar nikal chalo
ان آفتوں سے بھائی کو لے کر نکل چلو

Placing his hand on the standard, that man of heavenly dignity bowed
and proudly rubbed his face upon his sister's feet.
Taking his ills upon herself, Zainab said, "I would give my life for you!
Abbas, keep watch over all that Fatima earned in her life.
If today a way to peace appears, then set out tomorrow;
take our brother and get away from these calamities."

Free to read, copy and share

72

Ki arz mere jism pe jis waqt tak hai sar
کی عرض میرے جسم پہ جس وقت تک ہے سر

Mumkin nahin hai ye ke barhe fauj-e-bad guhar
ممکن نہیں ہے یہہ کہ بڑھے فوج بد گہر

Teghen khinchen jo laakh to seena karoon sipar
تیغیں کھنچیں جو لاکھ تو سینہ کروں سپر

Dekhen utha ke aankh ye kya taab kya jigar
دیکھیں اٹھا کے آنکھ یہ کیا تاب کیا جگر

Saawant hain pisar Asad-e-Zuljalal ke
ساونت ہیں پسر اسدِ ذوالجلال کے

Gar sher ho to phenk den aankhen nikaal ke
گر شیر ہو تو پھینک دیں آنکھیں نکال کے

He said, "As long as my head is on my body,
it cannot be that the army of evil breed should advance.
Let a hundred thousand swords be drawn, I will make my breast a shield;
what nerve, what heart have they to raise their eyes and look?
We are the valiant sons of the Lion of the Lord of Majesty;
were it a lion, we would tear out its eyes and fling them away."

73

Munh kar ke soo-e-qabr-e-Ali phir kiya khitab
منہ کر کے سوئے قبرِ علی پھر کیا خطاب

Zarre ko aaj kar diya Maula ne aftab
ذرے کو آج کر دیا مولا نے آفتاب

Ye arz khaaksar ki hai ya Abu Turab
یہ عرض خاکسار کی ہے یا ابوتراب

Aqa ke aage main hoon shahadat se kamyab
آقا کے آگے میں ہوں شہادت سے کامیاب

Sar tan se Ibn-e-Fatima ke roo ba roo gire
سر تن سے ابنِ فاطمہ کے رو برو گرے

Shabbir ke paseene pe mera lahu gire
شبیر کے پسینے پہ میرا لہو گرے

Then, turning toward Ali's grave, he spoke:
"Today my Master has made a speck of dust into a sun.
This is the plea of your humble servant, O Abu Turab:
may I win martyrdom before my master;
may my head fall from my body before the son of Fatima;
where Shabbir's sweat falls, may my blood be shed."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

74

Ye sun ke aayi zauja-e-Abbas namwar
یہ سن کے آئی زوجہ عباس نامور

Shauhar ki simt pehle kankhiyon se ki nazar
شوہر کی سمت پہلے کنکھیوں سے کی نظر

Lin sibt-e-Mustafa ki balaayen ba chashm-e-tar
لیں سبط مصطفیٰ کی بلائیں بچشمِ تر

Zainab ke gird phir ke ye boli wo nauha gar
زینب کے گرد پھر کے یہ بولی وہ نوحہ گر

Faiz aap ka hai aur tasadduq Imam ka
فیض آپ کا ہے اور تصدق امام کا

Izzat barhi kaneez ki rutba ghulam ka
عزت بڑھی کنیز کی رتبہ غلام کا

Hearing this, the wife of the renowned Abbas came;
first she glanced sidelong toward her husband,
then with tearful eyes took on herself the ills of Mustafa's grandson;
circling round Zainab, the mourner said,
"This is your bounty and the Imam's grace:
the honour of your handmaid has grown, and the rank of your servant."

75

Sar ko laga ke chhaati se Zainab ne ye kaha
سر کو لگا کے چھاتی سے زینب نے یہ کہا

Tu apni maang kokh se thandi rahe sada
تو اپنی مانگ کوکھ سے ٹھنڈی رہے سدا

Ki arz mujh se laakh kaneezen to hon fida
کی عرض مجھ سے لاکھ کنیزیں تو ہوں فدا

Bano-e-namwar ke suhagan rakhe Khuda
بانوے نامور کہ سہاگن رکھے خدا

Bachche jiyen taraqqi-e-iqbal-o-jaah ho
بچے جییں ترقیِ اقبال و جاہ ہو

Saaye mein aap ke Ali Akbar ka byaah ho
سائے میں آپ کے علی اکبر کا بیاہ ہو

Pressing her head to her breast, Zainab said,
"May you always be blessed in your husband and your children."
She replied, "May a hundred thousand handmaids like me be sacrificed
for the renowned Bano; may God keep her husband with her!
May the children live, may fortune and dignity increase;
may Ali Akbar be married under your shelter."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

76

Qismat watan mein khair se phir shah ko le ke jaaye
قسمت وطن میں خیر سے
پھر شہ کو لے کے جائے

Yasrib mein shor ho ke safar se Husain aaye
یثرب میں شور ہو کہ سفر سے حسین آئے

Umm-ul-Baneen jaah-o-hasham se pisar ko paaye
ام البنین جاہ و حشم سے پسر کو پائے

Jaldi shab-e-aroosi-e-Akbar Khuda dikhaaye
جلدی شبِ عروسیِ اکبر خدا دکھائے

Mehndi tumhaara laal male haath paaon mein
مہندی تمہارا لال ملے ہاتھ پاؤں میں

Laao dulhan ko byaah ke taaron ki chhaaon mein
لاؤ دلہن کو بیاہ کے تاروں کی چھاؤں میں

"May fate bring the King safely home again,
and may the cry go up in Yasrib that Husain has come back from his journey;
may Umm al-Banin receive her son in glory and dignity;
may God soon show us Akbar's wedding night;
may your darling rub henna on his hands and feet,
and may you bring the bride home by starlight."

77

Nagah aa ke baali Sakina ne ye kaha
ناگاہ آ کے بالی سکینہ نے یہ کہا

Kaisa hai ye hujoom kidhar hain mere chacha
کیسا ہے یہ ہجوم کدھر ہیں مرے چچا

Ohda alam ka un ko mubarak kare Khuda
عہدہ علم کا ان کو مبارک کرے خدا

Logo mujhe balaayen to lene do ik zara
لوگو مجھے بلائیں تو لینے دو اک ذرا

Shaukat Khuda barhaaye mere ammu jaan ki
شوکت خدا بڑھائے مرے عمو جان کی

Main bhi to dekhoon shaan Ali ke nishan ki
میں بھی تو دیکھوں شان علی کے نشان کی

Suddenly little Sakina came and said,
"What is this crowd? Where is my uncle?
May God bless him with the office of the standard!
People, let me take his ills upon myself for a moment.
May God increase the majesty of my dear uncle!
Let me too see the glory of Ali's banner."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

78

Abbas muskura ke pukaare ke aao aao
عباس مسکرا کے پکارے کہ آؤ آؤ

Ammu nisar pyaas se kya haal hai batao
عمو نثار پیاس سے کیا حال ہے بتاؤ

Boli lipat ke wo ke meri mashk lete jaao
بولی لپٹ کے وہ کہ مری مشک لیتے جاؤ

Ab to alam mila tumhen paani mujhe pilao
اب تو علم ملا تمہیں پانی مجھے پلاؤ

Tohfa koi na dijiye na inam dijiye
تحفہ کوئی نہ دیجیے نہ انعام دیجیے

Qurbaan jaaoon paani ka jaam dijiye
قربان جاؤں پانی کا جام دیجیے

Abbas smiled and called, "Come, come!
Your uncle would give his life for you; tell me, how are you in this thirst?"
Clinging to him, she said, "Take my water-skin with you;
now that you have the standard, bring me water to drink.
Give me no present, give me no reward;
I would give my life for you: give me a cup of water."

79

Farmaaya aap ne ke nahin fikr ka maqam
فرمایا آپ نے کہ نہیں فکر کا مقام

Baaton pe us ki roti thin sayyidaniyan tamam
باتوں پہ اس کی روتی تھیں سیدانیاں تمام

Ki arz aa ke Ibn-e-Hasan ne ke ya Imam
کی عرض آ کے ابنِ حسن نے کہ یا امام

Amboh hai barhi chali aati hai fauj-e-Shaam
انبوہ ہے بڑھی چلی آتی ہے فوجِ شام

Abbas ab alam liye baahar nikalte hain
عباس اب علم لیے باہر نکلتے ہیں

Thehro behan se mil ke lage hum bhi chalte hain
ٹھہرو بہن سے مل کے لگے ہم بھی چلتے ہیں

He said, "This is no cause for worry."
At her words all the Sayyid ladies wept.
The son of Hasan came and said, "O Imam,
there is a great throng: the army of Syria is pressing on."
"Abbas is going out now with the standard;
wait; when I have met my sister, I too will follow close behind."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

80

Nagah barhe alam liye Abbas ba wafa
ناگہ بڑھے علم لیے عباس باوفا

Daure sab ahl-e-bait khule sar barahna pa
دوڑے سب اہلِ بیت کھلے سر برہنہ پا

Hazrat ne haath utha ke ye ik ek se kaha
حضرت نے ہاتھ اٹھا کے یہ اک ایک سے کہا

Lo alwida ae haram-e-pak-e-Mustafa
لو الوداع اے حرم پاک مصطفی

Subh-e-shab-e-firaq hai pyaaron ko dekh lo
صبحِ شبِ فراق ہے پیاروں کو دیکھ لو

Sab mil ke doobte hue taaron ko dekh lo
سب مل کے ڈوبتے ہوئے تاروں کو دیکھ لو

Suddenly the faithful Abbas went forward with the standard;
all the household ran out, heads uncovered, feet bare.
Raising his hand, the revered one said to each of them,
"Farewell now, O pure women of Mustafa's house!
It is the dawn after the night of parting; look upon your loved ones;
all together, look upon the setting stars."

81

Shah ke qadam pe Zainab-e-zaar-o-hazeen giri
شہ کے قدم پہ زینبِ زار و حزیں گری

Bano bachhaar kha ke pisar ke qareen giri
بانو بچھاڑ کھا کے پسر کے قریں گری

Kulsoom thartharaa ke ba roo-e-zameen giri
کلثوم تھر تھرا کے بروئے زمیں گری

Baqir kahin gira to Sakina kahin giri
باقر کہیں گرا تو سکینہ کہیں گری

Ujra chaman har ik gul-e-taaza nikal gaya
اجڑا چمن ہر اک گلِ تازہ نکل گیا

Nikla alam ke ghar se janaza nikal gaya
نکلا علم کہ گھر سے جنازہ نکل گیا

Zainab, weeping and grief-stricken, fell at the King's feet;
Bano collapsed and fell beside her son;
Kulsoom, trembling, fell to the ground;
Baqir fell in one place, Sakina in another.
The garden was laid waste; every fresh flower was gone;
the standard went out as though a bier had left the house.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

82

Dekhi jo shaan-e-Hazrat-e-Abbas arsh jaah
دیکھی جو شانِ حضرتِ عباس عرش جاہ

Aage barhi alam ke pas az tahniyat sipah
آگے بڑھی علَم کے پس از تہنیت سپاہ

Nikla haram sara se do aalam ka badshah
نکلا حرم سرا سے دو عالم کا بادشاہ

Nishtar balad thi bint-e-Ali ki fugha-o-aah
نشتر بلد تھی بنت علی کی فغا و آہ

Reh reh ke ashk behte the roo-e-janab se
رہ رہ کے اشک بہتے تھے روئے جناب سے

Shabnam tapak rahi thi gul-e-aftab se
شبنم ٹپک رہی تھی گل آفتاب سے

When they saw the splendour of Abbas, high as the Throne,
the army, having offered its congratulations, moved forward before the standard.
The King of both worlds came out of the women's quarters;
the lament and sighs of Ali's daughter pierced the heart like a lancet.
Again and again tears flowed down the noble one's face,
as dew drips from a sunflower.

83

Maula charhe faras pe Muhammad ki shaan se
مولا چڑھے فرس پہ محمد کی شان سے

Tarkash lagaaya hare ne pe kis aan baan se
ترکش لگایا ہرے نے پہ کس آن بان سے

Nikla ye jinn-o-ins-o-malak ki zaban se
نکلا یہ جن و انس و ملک کی زبان سے

Utra hai phir zameen pe Buraq aasmaan se
اترا ہے پھر زمیں پہ براق آسمان سے

Saara chalan khiraam mein kabk rawi ka hai
سارا چلن خرام میں کبک روی کا ہے

Ghoonghat nayi dulhan ka hai chehra pari ka hai
گھونگھٹ نئی دلہن کا ہے چہرہ پری کا ہے

The Master mounted his horse with the majesty of Muhammad;
with what pomp and splendour the quiver was slung!
From jinn and men and angels alike came the cry,
"Buraq has come down again from heaven to the earth!"
In its pace its whole bearing is the partridge's gait;
its veil is a new bride's, its face a fairy's.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

84

Ghusse mein ankhriyon ke ubalne ko dekhiye
غصے میں انکھڑیوں کے ابلنے کو دیکھیے

Joban mein jhoom jhoom ke chalne ko dekhiye
جوبن میں جھوم جھوم کے چلنے کو دیکھیے

Saanche mein jor band ke dhalne ko dekhiye
سانچے میں جوڑ بند کے ڈھلنے کو دیکھیے

Tham kar kanautiyon ke badalne ko dekhiye
تھم کر کنوتیوں کے بدلنے کو دیکھیے

Gardan mein daale haath ye pariyon ko shauq hai
گردن میں ڈالے ہاتھ یہ پریوں کو شوق ہے

Bala wadi mein us ko huma par bhi fauq hai
بالا ودی میں اس کو ہما پر بھی فوق ہے

See its eyes bulge in anger;
see it walk, swaying in the pride of youth;
see how its joints are cast as if in a mould;
see how, pausing, it shifts its ears.
Fairies long to put their arms around its neck;
in soaring high it outdoes even the huma.

85

Tham kar hawa chali faras-e-khush qadam barha
تھم کر ہوا چلی فرسِ خوش قدم بڑھا

Jun jun wo soo-e-dasht barha aur dam barha
جوں جوں وہ سوئے دشت بڑھا اور دم بڑھا

Ghoron ki lin sawaaron ne baagen alam barha
گھوڑوں کی لیں سواروں نے باگیں علم بڑھا

Rayat barha ke sarv-e-riyaz-e-Iram barha
رایت بڑھا کہ سروِ ریاضِ ارم بڑھا

Phoolon ko le ke baad-e-bahaari pahunch gayi
پھولوں کو لے کے بادِ بہاری پہونچ گئی

Bustan-e-Karbala mein sawaari pahunch gayi
بستانِ کربلا میں سواری پہونچ گئی

The wind blew gently; the sure-footed horse moved forward;
the further it went toward the plain, the higher its spirit rose.
The riders took up their horses' reins; the standard advanced:
was it the banner advancing, or the cypress of the garden of Iram?
The spring breeze arrived bearing flowers:
the procession reached the garden of Karbala.

Free to read, copy and share

86

Panja idhar chamakta tha aur aftab udhar
پنجہ ادھر چمکتا تھا اور آفتاب ادھر

Is ki ziya thi khaak pe zau us ki arsh par
اس کی ضیا تھی خاک پہ ضو اس کی عرش پر

Zar rezi-e-alam pe thehrti na thi nazar
زر ریزی علم پہ ٹھہرتی نہ تھی نظر

Dulha ka rukh tha sone ke sehre mein jalwa gar
دولھا کا رخ تھا سونے کے سہرے میں جلوہ گر

The do taraf jo do alam is irtiqa ke
تھے دو طرف جو دو علم اس ارتقاع کے

Uljhe hue the taar khutoot-e-shua ke
الجھے ہوئے تھے تار خطوطِ شعاع کے

Here the hand-crest of the standard gleamed, and there the sun;
the radiance of the one lay on the earth, the light of the other on the Throne.
The eye could not rest upon the gold-strewn standard:
it was a bridegroom's face shining through a veil of gold.
Where the two tall standards stood on either side,
the threads of the sunbeams' lines were tangled.

87

Allah ri sipah-e-Khuda ki shukoh-o-shaan
اللہ ری سپاہ خدا کی شکوہ و شاں

Jhukne lage junood-e-zalalat ke bhi nishan
جھکنے لگے جنود ضلالت کے بھی نشاں

Kamren kase alam ke tale Hashmi jawan
کمریں کسے علم کے تلے ہاشمی جواں

Duniya ki zeb deen ki izzat jahan ki jaan
دنیا کی زیب دین کی عزت جہاں کی جاں

Ek ek doodmaan-e-Ali ka charaagh tha
ایک ایک دودماں علی کا چراغ تھا

Jis ki behisht par tha tafawwuq wo baagh tha
جس کی بہشت پر تھا تفوق وہ باغ تھا

Allah! The might and splendour of the army of God!
Even the banners of the hosts of error began to bow.
Girded, beneath the standard, stood the young men of Hashim's line,
the adornment of the world, the honour of the faith, the soul of all creation.
Each one of them was a lamp of Ali's line;
theirs was the garden that surpassed paradise.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

88

Larke wo saat aath sahi qad saman izaar — لڑکے وہ سات آٹھ سہی قد سمن عذار
Gesu kisi ke chehre pe do aur kisi ke chaar — گیسو کسی کے چہرے پہ دو اور کسی کے چار
Haidar ka raub nargisi aankhon se ashkar — حیدر کا رعب نرگسی آنکھوں سے آشکار
Khelen jo neemchon se karen sher ka shikar — کھیلیں جو نیمچوں سے کریں شیر کا شکار
Nezon ki simt chaand se seene tane hue — نیزوں کی سمت چاند سے سینے تنے ہوئے
Aaye the eidgah mein dulha bane hue — آئے تھے عیدگاہ میں دولھا بنے ہوئے

Those seven or eight boys, straight as cypresses, jasmine-cheeked,
some with two locks falling by their faces, some with four;
the awe of Haidar shone from their narcissus eyes;
if they played with their short swords, they would hunt down lions.
Their moon-like breasts were thrust out toward the spears;
they had come to the place of festival dressed as bridegrooms.

89

Ghurfon se hooren dekh ke karti thin ye kalam — غرفوں سے حوریں دیکھ کے کرتی تھیں یہ کلام
Duniya ka baagh bhi hai ajab pur faza maqam — دنیا کا باغ بھی ہے عجب پرفضا مقام
Dekho durood parh ke soo-e-lashkar-e-Imam — دیکھو درود پڑھ کے سوئے لشکرِ امام
Ham shakl-e-Mustafa hai yahi arsh ihtisham — ہم شکلِ مصطفی ہے یہی عرش احتشام
Rayat liye wo laal Khuda ke wali ka hai — رایت لیے وہ لال خدا کے ولی کا ہے
Ab tak jahan mein saath Nabi-o-Ali ka hai — اب تک جہاں میں ساتھ نبی و علی کا ہے

From the balconies of paradise the houris watched and said to one another,
"The garden of the world too is a wondrously pleasant place!
Recite blessings and look toward the Imam's army:
this one, of heavenly majesty, is the very image of Mustafa;
the one holding the banner is the son of God's friend;
the fellowship of the Prophet and Ali still endures in the world."

Free to read, copy and share

90

Duniya se uth gaye the jo Paighambar-e-zaman
دنیا سے اٹھ گئے تھے جو پیغمبرِ زماں

Hum jaante the husn se khaali hai ab jahan
ہم جانتے تھے حسن سے خالی ہے اب جہاں

Kyunkar soo-e-zameen na jhuke peer-e-aasmaan
کیونکر سوئے زمیں نہ جھکے پیر آسماں

Paida kiya hai Haq ne ajab husn ka jawan
پیدا کیا ہے حق نے عجب حسن کا جواں

Sab khoobiyon ka khatima bas is haseen pe hai
سب خوبیوں کا خاتمہ بس اس حسیں پہ ہے

Mahboob-e-Haq hain arsh pe saaya zameen pe hai
محبوب حق ہیں عرش پہ سایہ زمیں پہ ہے

"When the Prophet of the age departed from the world,
we thought the world was now bereft of beauty.
How should the old sky not bow down toward the earth?
God has created a young man of wondrous beauty;
all graces find their crown in this handsome one:
God's beloved is on the Throne, his shadow is on the earth."

91

Nagah teer udhar se chale janib-e-Imam
ناگاہ تیر ادھر سے چلے جانب، امام

...
...

Nikle idhar se shah ke rafeeqan-e-tishna kaam
نکلے ادھر سے شہ کے رفیقانِ تشنہ کام

Be sar hue paron mein saraan-e-sipah-e-Shaam
بے سر ہوئے پروں میں سران سپاہ شام

Bala kabhi thi tegh kabhi zer-e-tang thi
بالا کبھی تھی تیغ کبھی زیر تنگ تھی

Ek ik ki jang Malik-e-Ashtar ki jang thi
ایک اک کی جنگ مالک اشتر کی جنگ تھی

Suddenly arrows flew from that side toward the Imam;
[A line is missing in the source.]
from this side the King's thirsty companions went out;
on the wings of the battle the chiefs of the Syrian army lost their heads.
Now the sword was raised high, now it reached below the saddle-girth;
the fighting of each one was the fighting of Malik al-Ashtar.

Free to read, copy and share

92

Nikle pa-e-jihad azizaan-e-shah-e-deen
نکلے پئے جہاد عزیزانِ شاہِ دیں

Naare kiye ke khauf se hilne lagi zameen
نعرے کیے کہ خوف سے ہلنے لگی زمیں

Robah ki safon pe chale sher-e-khashm geen
روباہ کی صفوں پہ چلے شیر خشم گیں

Khenchi jo tegh bhool gaye saf kashi laeen
کھینچی جو تیغ بھول گئے صف کشی لعیں

Bijli giri paron pe shimal-o-junoob ke
بجلی گری پروں پہ شمال و جنوب کے

Kya kya lare hain Shaam ke baadal mein doob ke
کیا کیا لڑے ہیں شام کے بادل میں ڈوب کے

The kinsmen of the King of the faith went out to fight in God's way;
they raised such battle cries that the earth began to shake with fear.
Like enraged lions they fell upon the ranks of foxes;
when they drew their swords, the accursed forgot how to form their ranks.
Lightning struck the wings of the army, north and south;
how they fought, plunging into the dark cloud of Syria!

93

Allah re Ali ke nawaason ki karzar
اللہ رے علی کے نواسوں کی کارزار

Donon ke neemche the ke chalti thi Zulfiqar
دونوں کے نیمچے تھے کہ چلتی تھی ذوالفقار

Shaana kata kisi ne jo roka sipar pe waar
شانہ کٹا کسی نے جو روکا سپر پہ وار

Ginti thi zakhmiyon ki na kushton ka kuchh shumar
گنتی تھی زخمیوں کی نہ کشتوں کا کچھ شمار

Itne sawaar qatl kiye thori der mein
اتنے سوار قتل کیے تھوڑی دیر میں

Donon ke ghore chhup gaye laashon ke dher mein
دونوں کے گھوڑے چھپ
گئے لاشوں کے ڈھیر میں

Allah! The fighting of Ali's grandsons!
The short swords of the two struck as though Zulfiqar were at work.
Whoever blocked a blow with his shield had his shoulder cut through;
there was no counting the wounded, no number to the slain.
So many horsemen they killed in so short a time
that the horses of both were hidden in the heap of corpses.

Free to read, copy and share

94

Wo chhote chhote haath wo gori kalaaiyan
وہ چھوٹے چھوٹے ہاتھ وہ گوری کلائیاں

Aafat ki phurtiyan thin ghazab ki safaaiyan
آفت کی پھرتیاں تھیں غضب کی صفائیاں

Dar dar ke kaatte the kamaan kash kanaaiyan
ڈر ڈر کے کاٹتے تھے کماں کش کنائیاں

Faujon mein thin Nabi-o-Ali ki duhaaiyan
فوجوں میں تھیں نبی و علی کی دہائیاں

Shaukat ho ho thi janab-e-Amir ki
شوکت ہو ہو تھی جنابِ امیر کی

Taaqat dikha di sheron ne Zainab ke sher ki
طاقت دکھا دی شیروں نے زینب کے شیر کی

Those little hands, those fair wrists,
such deadly speed, such fearsome skill!
The archers, afraid, kept slipping out of their way;
through the armies rose cries for help in the names of the Prophet and Ali.
Their majesty was the very image of the Commander of the Faithful's;
Zainab's lions showed the strength of the Lion.

95

Kis husn se Hasan ka jawan-e-haseen lara
کس حسن سے حسن کا جوانِ حسیں لڑا

Ghir ghir ke surat-e-asad-e-khashm geen lara
گھر گھر کے صورت اسد خشم گیں لڑا

Wo din ki bhool pyaas mein wo mah jabeen lara
وہ دن کی بھول پیاس میں وہ مہ جبیں لڑا

Sehra ulat ke yun koi dulha nahin lara
سہرا الٹ کے یوں کوئی دولھا نہیں لڑا

Hamle dikha diye Asad-e-Kirdgar ke
حملے دکھا دیے اسدِ کردگار کے

Maqtal mein soye Azraq-e-Shami ko maar ke
مقتل میں سوئے ازرق شامی کو مار کے

With what grace Hasan's handsome young son fought!
Surrounded again and again, he fought like an enraged lion;
in that day's hunger and thirst the moon-browed one fought;
no bridegroom ever fought like this, throwing back his wedding veil.
He showed the onslaughts of the Lion of the Maker,
and, having slain Azraq the Syrian, he slept in the field of slaughter.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

96

Chamki jo tegh-e-Hazrat-e-Abbas arsh jaah
چمکی جو تیغِ حضرت عباس عرش جاہ

Rooh-ul-Ameen pukaar ke Allah ki panah
روح الامیں پکار کے اللہ کی پناہ

Dhaalon mein chhup gaya pisar-e-Saad roo siyah
ڈھالوں میں چھپ گیا پسرِ سعد روسیاہ

Kushton se band ho gayi amn-o-aman ki raah
کشتوں سے بند ہو گئی امن و اماں کی راہ

Chhuta jo sher shauq mein darya ki sair ke
چھٹا جو شیر شوق میں دریا کی سیر کے

Le li taraai teghon ki maujon mein tair ke
لے لی ترائی تیغوں کی موجوں میں تیر کے

When the sword of Abbas, high as the Throne, flashed,
the Trusted Spirit cried out, "Allah protect us!"
The black-faced Ibn Saad hid among the shields;
the slain blocked every road to peace and safety.
When the lion broke loose, eager to reach the river,
he swam through the waves of swords and took the riverbank.

97

Be sar hue muwakkil-e-chashma-e-Furat
بے سر ہوئے موکلِ چشمہ فرات

Hal chal mein misl-e-mauj safon ko na tha sabat
ہل چل میں مثلِ موج صفوں کو نہ تھا ثبات

Darya mein gir ke faut hue kitne bad sifat
دریا مین گر کے فوت ہوئے کتنے بد صفات

Goya habab ho gaye the nuqta-e-nabat
گویا حباب ہو گئے تھے نقطۂ نبات

Abbas bhar ke mashk ko yaan tishna lab lare
عباس بھر کے مشک کو یاں تشنہ لب لڑے

Jis tarah Nahrawan mein Amir-e-Arab lare
جس طرح نہر واں میں امیرِ عرب لڑے

The guards of the spring of the Euphrates lost their heads;
in the turmoil the ranks, like waves, could not stand firm;
how many men of evil nature fell into the river and died!
It was as though they had become bubbles, specks of sugar.
Here Abbas, having filled the water-skin, fought with thirsty lips,
as the Prince of Arabia fought at Nahrawan.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

98

Aafat bhi harb-o-zarb-e-Ali Akbar-e-daler
آفت بھی حرب و ضرب علی اکبر دلیر

Ghusse mein jhapte said pe jaise gurusna sher
غصے میں جھپٹے صید پہ جیسے گرسنہ شیر

Sab sar buland past zabardast sab the zer
سب سر بلند پست زبردست سب تھے زیر

Jangal mein chaar simt hue zakhmiyon ke dher
جنگل میں چار سمت ہوئے زخمیوں کے ڈھیر

Sar un ke utre tan se jo the ran charhe hue
سر ان کے اترے تن سے
جو تھے رن چڑھے ہوئے

Abbas se bhi jang mein kuchh the barhe hue
عباس سے بھی جنگ میں کچھ تھے بڑھے ہوئے

A calamity too was the fighting of the brave Ali Akbar;
in his anger he sprang on his prey like a famished lion.
All the proud were brought low, all the mighty laid beneath him;
on every side of the wilderness lay heaps of the wounded.
The heads of those who were hot for battle came off their bodies;
in fighting he even somewhat surpassed Abbas.

99

Talwaaren barsin subh se nisf-un-nahar tak
تلواریں برسیں صبح سے نصف النہار تک

Hilti rahi zameen larazte rahe falak
ہلتی رہی زمین لرزتے رہے فلک

Kaanpa kiye paron ko sameete hue malak
کانپا کیے پروں کو سمیٹے ہوئے ملک

Naare na phir wo the na wo teghon ki thi chamak
نعرے نہ پھر وہ تھے نہ وہ تیغوں کی تھی چمک

Dhaalon ka daur barchhiyon ka auj ho gaya
ڈھالوں کا دور برچھیوں کا اوج ہوگیا

Hangaam-e-zuhr khatima-e-fauj ho gaya
ہنگامِ ظہر خاتمہ فوج ہوگیا

Swords rained down from morning until noon;
the earth kept shaking, the heavens kept trembling;
the angels trembled on, folding their wings.
Then there were no more those battle cries, nor that flashing of swords;
the shields had had their turn, the lances their height;
at the hour of the noon prayer the army came to its end.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

100

Laashe sabhon ke sibt-e-Nabi khud utha ke laaye	لاشے سبھوں کے سبطِ نبی خود اٹھا کے لائے
Qatil kisi shaheed ka sar kaatne na paaye	قاتل کسی شہید کا سر کاٹنے نہ پائے
Dushman ko bhi na dost ki furqat Khuda dikhaaye	دشمن کو بھی نہ دوست کی فرقت خدا دکھائے
Farmaate the bichhar gaye sab hum se haaye haaye	فرماتے تھے بچھڑ گئے سب ہم سے ہائے ہائے
Itne pahaar gir paren jis par wo kham na ho	اتنے پہاڑ گر پڑیں جس پر وہ خم نہ ہو
Gar sau baras jiyoon to ye majma baham na ho	گر سو برس جیوں تو یہ مجمع بہم نہ ہو

The Prophet's grandson himself carried back the bodies of them all,
so that the killers could not cut off the head of any martyr.
"May God not show even an enemy the loss of a friend!"
he was saying; "Alas, alas, they have all been parted from me!
Who would not be bowed if so many mountains fell on him?
Though I live a hundred years, such a gathering will never come together again."

101

Laashe to sab ke gird the aur beech mein Imam	لاشے تو سب کے گرد تھے اور بیچ میں امام
Doobi hui thi khoon mein Nabi ki qaba tamam	ڈوبی ہوئی تھی خوں میں نبی کی قبا تمام
Afsurda-o-hazeen-o-pareshan-o-tishna kaam	افسردہ و حزیں و پریشان و تشنہ کام
Barchhi thi dil ko fath ke baajon ki dhoom dhaam	برچھی تھی دل کو فتح کے باجوں کی دھوم دھام
Aada kisi shaheed ka jab naam lete the	اعدا کسی شہید کا جب نام لیتے تھے
Tharra ke donon haathon se dil thaam lete the	تھرا کے دونوں ہاتھوں سے دل تھام لیتے تھے

The bodies of them all lay round about, and in their midst the Imam;
the Prophet's cloak he wore was all drenched in blood;
dejected, grieving, distraught and thirsty,
the din of the enemy's drums of victory was a lance in his heart.
Whenever the enemy named any of the martyrs,
he would tremble and hold his heart with both hands.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

102

Poochho usi se jis ke jigar par hon itne daagh
پوچھو اسی سے جس کے جگر پر ہوں اتنے داغ

Ik umr ka riyaz tha jis par luta wo baagh
اک عمر کا ریاض تھا جس پر لٹا وہ باغ

Fursat na ab buka se hai faragh
فرصت نہ اب بکا سے ہے فراغ

Jo ghar ki raushni the wo gul ho gaye charaagh
جو گھر کی روشنی تھے وہ گل ہو گئے چراغ

Parti thi dhoop sab ke tan-e-paash paash par
پڑتی تھی دھوپ سب کے تنِ پاش پاش پر

Chaadar bhi ik na thi Ali Akbar ki laash par
چادر بھی اک نہ تھی علی اکبر کی لاش پر

Ask only him whose heart bears so many scars:
the garden that had a lifetime's care was plundered.
Now there is no respite from weeping, no relief;
the lamps that were the light of the house have gone out.
The sun beat down on all their shattered bodies;
there was not even a sheet over Ali Akbar's body.

103

Maqtal se aaye khema ke dar par shah-e-zaman
مقتل سے آئے خیمہ کے در پر شہ زمن

Par shiddat-e-atash se na thi taaqat-e-sukhan
پر شدتِ عطش سے نہ تھی طاقتِ سخن

Parde pe haath rakh ke pukaare ba sad mihan
پردے پہ ہاتھ رکھ کے پکارے بصد محن

Asghar ko gaahwaare se le aaye ae behan
اصغر کو گاہوارے سے لے آئے اے بہن

Phir ek baar is mah-e-anwar ko dekh len
پھر ایک بار اس مہ انور کو دیکھ لیں

Akbar ke sheer khwar biradar ko dekh len
اکبر کے شیر خوار برادر کو دیکھ لیں

From the field of slaughter the King of the age came to the door of the tent,
but from the fierceness of his thirst he had no strength to speak;
laying his hand upon the curtain, he called out in deep sorrow,
"Sister, bring Asghar here from his cradle;
let me see this shining moon once more;
let me see Akbar's infant brother."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

104

Kheme se daure aal-e-Payambar barahna sar
خیمے سے دوڑے آلِ پیمبر برہنہ سر

Asghar ko laayin haathon pe Bano-e-nauha gar
اصغر کو لائیں ہاتھوں پہ بانوئے نوحہ گر

Bachche ko le ke baith gaye aap khaak par
بچے کو لے کے بیٹھ گئے آپ خاک پر

Munh se mile jo hont to chaunka wo seem bar
منہ سے ملے جو ہونٹ تو چونکا وہ سیم بر

Gham ki chhuri chali jigar-e-chaak chaak par
غم کی چھری چلی جگرِ چاک چاک پر

Bithla liya Husain ne zanoo-e-pak par
بٹھلا لیا حسین نے زانوئے پاک پر

The Prophet's family ran out of the tent bareheaded;
the mourning Bano brought Asghar in her arms.
He took the child and sat down upon the ground;
when his lips touched the child's face, that silver-bodied one stirred.
The knife of grief cut through his torn heart;
Husain sat the child upon his pure knee.

105

Bachche se multafit the shah-e-aasmaan sareer
بچے سے ملتفت تھے شہِ آسماں سریر

Tha us taraf kameen mein bin-e-Kahil-e-shareer
تھا اس طرف کمیں میں بن کاہل شریر

Maara jo teen bhaal ka us be haya ne teer
مارا جو تین بھال کا اس بے حیا نے تیر

Bas dafatan nishana hui gardan-e-sagheer
بس دفعتاً نشانہ ہوئی گردنِ صغیر

Tarpa jo sheer khwar to Hazrat ne aah ki
تڑپا جو شیر خوار تو حضرت نے آہ کی

Masoom zibah ho gaya godi mein shah ki
معصوم ذبح ہو گیا گودی میں شاہ کی

The King, whose throne is the sky, was attending to the child;
on the other side, in ambush, lay the wicked son of Kahil.
When that shameless man shot his three-bladed arrow,
at once the little one's neck became the target.
When the infant writhed, the revered one sighed;
the innocent was slaughtered in the King's lap.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

106

Jis dam tarap ke mar gaya wo tifl-e-sheer khwar
جس دم تڑپ کے مر گیا وہ طفلِ شیر خوار

Chhoti si qabr tegh se khodi ba haal-e-zaar
چھوٹی سی قبر تیغ سے کھودی بحالِ زار

Bachche ko dafn kar ke pukaara wo zi waqar
بچے کو دفن کر کے پکارا وہ ذی وقار

Ae khaak-e-pak hurmat-e-mehmaan nigaah daar
اے خاکِ پاک حرمتِ مہماں نگاہ دار

Daaman mein rakh use jo mohabbat Ali ki hai
دامن میں رکھ اسے جو محبت علی کی ہے

Daulat hai Fatima ki amanat Ali ki hai
دولت ہے فاطمہ کی امانت علی کی ہے

When that infant had writhed and died,
in his misery he dug a tiny grave with his sword;
burying the child, that man of dignity cried out,
"O pure earth, guard the honour of your guest;
keep him in your lap, if you have love for Ali:
he is Fatima's treasure, he is Ali's trust."

107

Ye keh ke aaye fauj pe taule hue husam
یہ کہہ کے آئے فوج پہ تولے ہوئے حسام

Aankhen lahu thin rone se chehra tha surkh faam
آنکھیں لہو تھیں رونے سے چہرہ تھا سرخ فام

Zeb-e-badan kiye the ba sad izz-o-ihtisham
زیبِ بدن کیے تھے بصد عزو احتشام

Pairahan-e-mutahhar-e-Paighambar-e-anam
پیراہنِ مطہر پیغمبر انام

Hamza ki dhaal tegh-e-shah-e-La Fata ki thi
حمزہ کی ڈھال تیغِ شہِ لافتا کی تھی

Bar mein zirah janab-e-Rasool-e-Khuda ki thi
بر میں زرہ جناب رسول خدا کی تھی

Saying this, he came against the army, weighing his sword in his hand;
his eyes were blood-red from weeping, his face flushed red.
With great glory and majesty he had put on
the pure shirt of the Prophet of mankind;
the shield was Hamza's, the sword was that of the King of La Fata;
the mail on his body was that of the Messenger of God.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

108

Rustam tha dir posh ke pakhar mein rahwar
رستم تھا درع پوش کہ پاکھر میں راہوار

Jarrar burdbaar subuk rau wafa shiar
جرار بردبار سبک رو وفا شعار

Kya khushnuma tha zeen tila kaar-o-nuqra kaar
کیا خوشنما تھا زیں طلا کار و نقرہ کار

Ikseer tha qadam ka jise mil gaya ghubar
اکسیر تھا قدم کا جسے مل گیا غبار

Khush khoo tha khana zaad tha Duldul nizhaad tha
خوش خو تھا خانہ زاد تھا دلدل نژاد تھا

Shabbir bhi sakhi the faras bhi jawad tha
شبیر بھی سخی تھے فرس بھی جواد تھا

Clad in mail he was a Rustam, and his horse was armoured;
fierce, patient, light of step, faithful by nature;
how handsome its saddle, worked in gold and silver!
The dust of its hooves was an elixir to whoever it touched.
Good-natured, bred in the house, of the breed of Duldul:
Shabbir was generous, and his horse was generous too.

109

Garmi ka roz-e-jang ki kyunkar karoon bayan
گرمی کا روزِ جنگ کی کیونکر کروں بیاں

Dar hai ke misl-e-shama na jalne lage zaban
ڈر ہے کہ مثلِ شمع نہ جلنے لگے زباں

Wo loon ke al-hazar wo hararat ke al-aman
وہ لوں کہ الحذر وہ حرارت کہ الاماں

Ran ki zameen to surkh thi aur zard aasmaan
رن کی زمیں تو سرخ تھی اور زرد آسماں

Aab-e-khunuk ki khalq tarasti thi khaak par
آبِ خنک کی خلق ترستی تھی خاک پر

Goya hawa se aag barasti thi khaak par
گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

How can I describe the heat of the day of battle?
I fear my tongue may begin to burn like a candle.
Such a hot wind that men cried 'Beware!', such heat that they cried for mercy!
The ground of the battlefield was red, and the sky yellow;
on the earth all creatures longed for cool water;
it was as though fire were raining from the air onto the ground.

Free to read, copy and share

110

Wo donon wo aftab ki hiddat wo taab-o-tab
وہ دونوں وہ آفتاب کی حدت وہ تاب و تب

Kaala tha rang dhoop se din ka misaal-e-shab
کالا تھا رنگ دھوپ سے دن کا مثالِ شب

Khud nahr-e-halqa ke sabhi sookhe hue the lab
خود نہرِ حلقہ کے سبھی سوکھے ہوئے تھے لب

Kheme the jo hababon ke tapte the sab ke sab
خیمے تھے جو حبابوں کے تپتے تھے سب کے سب

Urti thi khaak khushk tha chashma hayat ka
اڑتی تھی خاک خشک تھا چشمہ حیات کا

Khaula hua tha dhoop se paani Furat ka
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

That hot wind, that blaze of the sun, that heat and fever!
From the sun the colour of the day had turned black as night.
Even the lips all round the river were parched;
the tents of the bubbles were burning, every one of them.
Dust was flying; the spring of life had run dry;
the water of the Euphrates had boiled in the sun.

111

Jheelon se chaarpaaye na uthte the ta ba shaam
جھیلوں سے چارپائے نہ اٹھتے تھے تا بہ شام

Maskan mein machhliyon ke samandar ka tha maqam
مسکن میں مچھلیوں کے سمندر کا تھا مقام

Aahu jo kaahile the to cheete siyah faam
آہو جو کاہلے تھے تو چیتے سیاہ فام

Patthar pighal ke reh gaye the misl-e-mom-e-khaam
پتھر پگھل کے رہ گئے تھے مثلِ مومِ خام

Surkhi uri thi phoolon se sabza giyah se
سرخی اڑی تھی پھولوں سے سبزہ گیاہ سے

Paani kunwon mein utra tha saaye ki chaah se
پانی کنوؤں میں اترا تھا سائے کی چاہ سے

Till evening the beasts would not rise out of the lakes;
the salamander had made its home where the fish dwell;
the deer had grown sluggish, and the leopards were burnt black;
stones had melted like raw wax.
The red had faded from the flowers, the green from the grass;
the water had sunk deep into the wells, longing for shade.

Free to read, copy and share

112

Koson kisi shajar mein na gul the na barg-o-baar
کوسوں کسی شجر میں نہ گل تھے نہ برگ و بار

Ek ek nakhl jal raha tha surat-e-chinar
ایک ایک نخل جل رہا تھا صورتِ چنار

Hansta tha koi gul na mehakta tha sabza zaar
ہنستا تھا کوئی گل نہ مہکتا تھا سبزہ زار

Kaanta hui thi phool ki har shaakh bardar
کانٹا ہوئی تھی پھول کی ہر شاخ باردار

Garmi ye thi ke zeest se dil sab ke sard the
گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے

Patte bhi misl-e-chehra-e-madqooq zard the
پتے بھی مثل چہرۂ مدقوق زرد تھے

For miles no tree had flower, leaf or fruit;
every palm was burning like a plane tree.
No flower laughed, no meadow gave off its scent;
every fruit-bearing branch had become a thorn.
The heat was such that all hearts had grown cold to life;
even the leaves were yellow like the face of a consumptive.

113

Aab-e-rawan se munh na uthaate the jaanwar
آبِ رواں سے منہ نہ اٹھاتے تھے جانور

Jangal mein chhupte phirte the tair idhar udhar
جنگل میں چھپتے پھرتے تھے طائر ادھر ادھر

Mardum thi saat pardon ke andar araq mein tar
مردم تھی سات پردوں کے اندر عرق میں تر

Khaskhana-e-mizha se nikalti na thi nazar
خسخانۂ مژہ سے نکلتی نہ تھی نظر

Gar chashm se nikal ke theher jaaye raah mein
گر چشم سے نکل کے ٹھہر جائے راہ میں

Par jaayen laakhon aable pa-e-nigah mein
پڑ جائیں لاکھوں آبلے پائے نگاہ میں

The animals would not lift their mouths from the running water;
the birds kept hiding here and there in the wilderness;
the pupil of the eye, within its seven veils, was soaked in sweat;
the gaze would not come out from the cool shelter of the lashes.
If it left the eye and stopped along the way,
a hundred thousand blisters would form on the feet of sight.

Free to read, copy and share

114

Sher uthte the na dhoop ke maare kachhaar se
شیر اٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے

Aahu na munh nikaalte the sabza zaar se
آہو نہ منہ نکالتے تھے سبزہ زار سے

Aaina mehr ka tha mukaddar ghubar se
آئینہ مہر کا تھا مکدر غبار سے

Gardoon ko tap charhi thi zameen ke bukhar se
گردوں کو تپ چڑھی تھی زمیں کے بخار سے

Garmi se muztarib tha zamaana zameen par
گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر

Bhun jaata tha jo girta tha daana zameen par
بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

The lions would not stir from their thickets for the sun;
the deer would not put their heads out of the meadows;
the mirror of the sun was clouded with dust;
the sky had caught a fever from the earth's burning.
The whole world upon the earth was in torment from the heat;
any grain that fell to the ground was roasted.

115

Girdab par tha shola-e-jawwala ka guman
گرداب پر تھا شعلۂ جوالہ کا گماں

Angaare the habab to paani sharar fishan
انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں

Munh se nikal pari thi har ik mauj ki zaban
منہ سے نکل پڑی تھی ہر اک موج کی زباں

Tah pe the sab nahang magar thi labon pe jaan
تہ پہ تھے سب نہنگ مگر تھی لبوں پہ جاں

Paani tha aag garmi-e-roz-e-hisab thi
پانی تھا آگ گرمیٔ روزِ حساب تھی

Mahi jo seekh-e-mauj tak aayi kabab thi
ماہی جو سیخ موج تک آئی کباب تھی

Whirlpools looked like wheeling firebrands;
the bubbles were embers, and the water threw off sparks;
every wave had its tongue hanging from its mouth;
the crocodiles all lay on the river bed, but with their lives on their lips.
Water was fire; it was the heat of the Day of Reckoning;
any fish that rose to the skewer of a wave was roasted.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

116

Aaina-e-falak ko na thi taab tab ki taab
آئینہ فلک کو نہ تھی تاب تب کی تاب

Chhupne ko barq chaahti thi daaman-e-sahab
چھپنے کو برق چاہتی تھی دامنِ سحاب

Sab se hua tha garm mizajon ko iztirab
سب سے ہوا تھا گرم مزاجوں کو اضطراب

Kafoor-e-subh dhoondhta phirta tha aftab
کافورِ صبح ڈھونڈھتا پھرتا تھا آفتاب

Bharki thi aag gumbad-e-charkh-e-aseer mein
بھڑکی تھی آگ گنبد چرخِ اثیر میں

Baadal chhupe the sab kura-e-zamharir mein
بادل چھپے تھے سب کرہ زمہریر میں

The mirror of the sky could not bear the burning of that fever;
the lightning wanted to hide in the skirt of the clouds;
all this had made the hot-tempered restless;
the sun went looking for the camphor of dawn.
Fire blazed in the dome of the sphere of fire;
the clouds had all hidden in the sphere of bitter cold.

117

Is dhoop mein khare the akele shah-e-umam
اس دھوپ میں کھڑے تھے اکیلے شہ امم

Ne daaman-e-Rasool tha ne saaya-e-alam
نے دامن رسول تھا نے سایۂ علم

Shole jigar se aah ke uthte the dam ba dam
شعلے جگر سے آہ کے اٹھتے تھے دمبدم

Ude the lab zaban mein kaante kamar mein kham
اودے تھے لب زبان میں کانٹے کمر میں خم

Be aab teesra tha jo din mehmaan ko
بے آب تیسرا تھا جو دن میہمان کو

Hoti thi baat baat mein luknat zaban ko
ہوتی تھی بات بات میں لکنت زبان کو

In that sun the King of the nations stood alone;
he had neither the Prophet's skirt nor the shade of the standard.
Flames of sighs rose from his heart again and again;
his lips were blue, there were thorns on his tongue, his back was bent.
Since this was the guest's third day without water,
his tongue stumbled at every word.

Free to read, copy and share

118

Ghoron ko apne karte the serab sab sawaar
گھوڑوں کو اپنے کرتے تھے سیراب سب سوار

Aate the oont ghaat pe baandhe hue qatar
آتے تھے اونٹ گھاٹ پہ باندھے ہوئے قطار

Peete the aab-e-nahr parind aa ke be shumar
پیتے تھے آبِ نہر پرند آ کے بے شمار

Saqqe zameen pe karte the chhirkaao baar baar
سقے زمیں پہ کرتے تھے چھڑکاؤ بار بار

Paani ka dam-o-dad ko pilaana sawab tha
پانی کا دام و دد کو پلانا ثواب تھا

Ik Ibn-e-Fatima ke liye qaht-e-aab tha
اک ابن فاطمہ کے لیے قحطِ آب تھا

All the horsemen were watering their horses;
camels came down to the landing in long strings;
birds beyond number came and drank the river's water;
the water-bearers sprinkled the ground again and again;
to give water to beasts wild and tame was a good deed;
for the son of Fatima alone there was a famine of water.

119

Sar par lagaaye tha pisar-e-Saad chatr-e-zar
سر پر لگائے تھا پسرِ سعد چتر زر

Khadim kai the marwaha jumban idhar udhar
خادم کئی تھے مروحہ جنباں ادھر ادھر

Karte the aab pash mukarrar zameen ko tar
کرتے تھے آب پاش مکرر زمیں کو تر

Farzand-e-Fatima pe na tha saaya-e-shajar
فرزندِ فاطمہ پہ نہ تھا سایۂ شجر

Wo dhoop dasht ki wo jalal aftab ka
وہ دھوپ دشت کی وہ جلال آفتاب کا

Saunla gaya tha rang mubarak janab ka
سونلا گیا تھا رنگ مبارک جناب کا

Ibn Saad held a golden parasol over his head;
several servants were waving fans this way and that;
water-sprinklers wet the ground again and again;
over the son of Fatima there was not even the shade of a tree.
That sun of the wilderness, that fierce blaze of the sun!
The blessed complexion of the noble one had grown dark.

Free to read, copy and share

120

Kehta tha Ibn-e-Saad ke ae aasmaan janab
کہتا تھا ابنِ سعد کہ اے آسماں جناب

Baiat jo kijiye ab bhi to hazir hai jaam-e-aab
بیعت جو کیجیے اب بھی تو حاضر ہے جامِ آب

Farmaate the Husain ke o khanuman kharab
فرماتے تھے حسین کہ او خانماں خراب

Darya ko khaak jaanta hai Ibn-e-Bu-Turab
دریا کو خاک جانتا ہے ابنِ بوتراب

Fasiq hai paas kuchh tujhe Islam ka nahin
فاسق ہے پاس کچھ تجھے اسلام کا نہیں

Aab-e-baqa ho ye to mere kaam ka nahin
آبِ بقا ہو یہ تو مرے کام کا نہیں

Ibn Saad would say, "O you of heavenly rank,
if you give your allegiance even now, a cup of water is ready."
Husain would answer, "O ruined wretch!
The son of Abu Turab counts the river as dust.
You are a sinner; you have no regard for Islam;
were this the water of immortality, it would be nothing to me."

121

Keh doon to khwaan le ke khud aayen abhi Khaleel
کہہ دوں تو خوان لے کے خود آئیں ابھی خلیل

Chaahoon to Salsabeel ko dam mein karoon sabeel
چاہوں تو سلسبیل کو دم میں کروں سبیل

Kya jaam aab ka tu mujhe de ga aur zaleel
کیا جام آب کا تو مجھے دے گا اور ذلیل

Be aabru khasees sitamgar dani bakheel
بے آبرو خسیس ستمگر دنی بخیل

Jis phool par pare tera saaya wo boo na de
جس پھول پر پڑے ترا سایہ وہ بو نہ دے

Khulwaaye fasd tu to kabhi rag lahu na de
کھلوائے فصد تو تو کبھی رگ لہو نہ دے

"If I but say the word, Khaleel would come at once with a tray;
if I wished, in a moment I would make Salsabeel a public fountain.
Will you give me a cup of water, you wretch,
you disgraced, mean, tyrannous, base miser?
Any flower your shadow falls on loses its scent;
if you had a vein opened, it would never yield blood."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

122

Gar Jam ka naam loon to abhi jaam le ke aaye
اگر جم کا نام لوں تو ابھی جام لے کے آئے

Kausar yahin Rasool ka ahkaam le ke aaye
کوثر یہیں رسول کا احکام لے کے آئے

Rooh-ul-Ameen zameen pe mera naam le ke aaye
روح الامیں زمیں پہ مرا نام لے کے آئے

Lashkar malak ka fath ka paighaam le ke aaye
لشکر ملک کا فتح کا پیغام لے کے آئے

Chaahoon jo inqilab to duniya tamam ho
چاہوں جو انقلاب تو دنیا تمام ہو

Ulte zameen yun ke na Kufa na Shaam ho
الٹے زمین یوں کہ نہ کوفہ نہ شام ہو

"If I name Jamshed, he would come at once bearing his cup;
Kausar would come here bearing the Messenger's command;
the Trusted Spirit would come down to earth bearing my name;
an army of angels would come bearing the news of victory.
If I willed upheaval, the world would come to an end;
the earth would be overturned, so that there would be neither Kufa nor Syria."

123

Farma ke ye nigaah jo ki soo-e-Zulfiqar
فرما کے یہ نگاہ جو کی سوے ذوالفقار

Tharra ke pichhle paanon hata wo sitam shiar
تھرا کے پچھلے پانوں ہٹا وہ ستم شعار

Mazloom par safon se chale teer be shumar
مظلوم پر صفوں سے چلے تیر بے شمار

Aawaz-e-kos-e-harb hui aasmaan ke paar
آواز کوسِ حرب ہوئی آسماں کے پار

Neze utha ke jang pe aswar tul gaye
نیزے اٹھا کے جنگ پہ اسوار تل گئے

Kaale nishan fauj-e-siyah roo ke khul gaye
کالے نشان فوجِ سیہ رو کے کھل گئے

When, having said this, he glanced toward Zulfiqar,
that tyrant trembled and stepped back on his heels.
From the ranks countless arrows flew at the wronged one;
the sound of the war-drum rose beyond the sky;
the horsemen raised their lances, bent on battle;
the black banners of the black-faced army were unfurled.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

124

Wo dhoom tabl-e-jang ki wo booq ka khurosh
وہ دھوم طبلِ جنگ کی وہ بوق کا خروش

Kar ho gaye the shor se karrubiyon ke gosh
کر ہو گئے تھے شور سے کروبیوں کے گوش

Tharraai yun zameen ke ure aasmaan ke hosh
تھرائی یوں زمیں کہ اڑے آسماں کے ہوش

Neze se bala ke nikle sawaaran-e-dir posh
نیزے سے بلا کے نکلے سواران درع پوش

Dhaalen thin yun saron pe sawaaran-e-shoom ke
ڈھالیں تھیں یوں سروں پہ سواران شوم کے

Sahra mein jaise aaye ghata jhoom jhoom ke
صحرا میں جیسے آئے گھٹا جھوم جھوم کے

That thunder of the war-drums, that blare of the trumpets!
The ears of the cherubim had gone deaf with the noise;
the earth shook so that the sky lost its wits;
the mail-clad horsemen came out brandishing their lances;
the shields of those ill-omened horsemen were held over their heads
like a dark cloud rolling over the desert.

125

Lo parh ke chand sher-e-rajaz shah-e-deen barhe
لو پڑھ کے چند شعرِ رجز شاہ دیں بڑھے

Geeti ke thaam lene ko Rooh-ul-Ameen barhe
گیتی کے تھام لینے کو روح الامیں بڑھے

Manind-e-sher-e-nar kahin thehre kahin barhe
مانندِ شیرِ نر کہیں ٹھہرے کہیں بڑھے

Goya Ali ulte hue aasteen barhe
گویا علی الٹے ہوئے آستیں بڑھے

Jalwa diya jari ne aroos-e-masaf ko
جلوہ دیا جری نے عروسِ مصاف کو

Mushkil-kusha ki tegh ne chhora ghilaf ko
مشکل کشا کی تیغ نے چھوڑا غلاف کو

Then, reciting a few verses of battle-song, the King of the faith advanced;
the Trusted Spirit came forward to hold the world steady.
Like a lion he now halted, now advanced,
as though Ali were advancing with his sleeves rolled back.
The brave one showed himself to the bride of battle;
the sword of the Remover of difficulties left its sheath.

Free to read, copy and share

126

Kaathi se is tarah hui wo shola khoo juda
Jaise kinar-e-shauq se ho khoob roo juda
Mahtab se shua juda gul se boo juda
Seene se dam juda rag-e-jaan se lahu juda
Garja jo raad abr se bijli nikal pari
Mahmil mein dam jo ghut gaya Laila nikal pari

کاٹھی سے اس طرح ہوئی وہ شعلہ خو جدا
جیسے کنارِ شوق سے ہو خوب رو جدا
مہتاب سے شعاع جدا گل سے بو جدا
سینے سے دم جدا رگِ جاں سے لہو جدا
گرجا جو رعد ابر سے بجلی نکل پڑی
محمل میں دم جو گھٹ گیا لیلیٰ نکل پڑی

That fiery-natured sword came out of its scabbard
as a beauty breaks from a lover's embrace,
as a ray from the moon, as scent from the flower,
as breath from the breast, as blood from the vein of life.
When the thunder roared, lightning sprang from the cloud;
when breath was stifled in the litter, Laila came out.

127

Aaye Husain yun ke uqab aaye jis tarah
Aahu pe sher-e-shah za-e-ghab aaye jis tarah
Tabinda barq soo-e-sahab aaye jis tarah
Daura faras nasheeb mein aab aaye jis tarah
Yun tegh-e-tez kaund gayi is giroh par
Bijli tarap ke girti hai jis tarah koh par

آئے حسین یوں کہ عقاب آئے جس طرح
آہو پہ شیرِ شہ زہ غاب آئے جس طرح
تابندہ برق سوئے سحاب آئے جس طرح
دوڑا فرس نشیب میں آب آئے جس طرح
یوں تیغِ تیز کوند گئی اس گروہ پر
بجلی تڑپ کے گرتی ہے جس طرح کوہ پر

Husain came on as an eagle swoops,
as a fierce lion of the thicket falls upon a deer,
as shining lightning darts toward the clouds;
his horse ran as water runs downhill.
So the sharp sword flashed upon that host,
as lightning, writhing, strikes a mountain.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

128

Garmi mein tegh-e-barq jo chamki sharar ure
گرمی میں تیغ برق جو چمکی شرر اڑے

Jhonka chala hawa ka jo san se to sar ure
جھونکا چلا ہوا کا جو سن سے تو سر اڑے

Parkaala-e-sipar jo idhar aur udhar ure
پرکالۂ سپر جو ادھر اور ادھر اڑے

Rooh-ul-Ameen ne saaf ye jaana ke par ure
روح الامیں نے صاف یہ جانا کہ پر اڑے

Zahir nishan-e-ism-e-azimat asar hue
ظاہر نشان اسم عزیمت اثر ہوئے

Jin par Ali likha tha wahi par sipar hue
جن پر علی لکھا تھا وہی پر سپر ہوئے

When the lightning sword flashed in the heat, sparks flew;
when the gust of its wind went by with a hiss, heads flew;
when fragments of shields flew this way and that,
the Trusted Spirit plainly took them for flying feathers.
The marks of the powerful Name became visible:
the feathers on which 'Ali' was written became shields.

129

Jis par chali wo tegh do paara kiya use
جس پر چلی وہ تیغ دو پارا کیا اسے

Khenchte hi chaar tukre dobaara kiya use
کھینچتے ہی چار ٹکڑے دوبارا کیا اسے

Waan thi jidhar ajal ne ishaara kiya use
واں تھی جدھر اجل نے اشارا کیا اسے

Sakhti bhi kuchh pari to gawaara kiya use
سختی بھی کچھ پڑی تو گوارا کیا اسے

Ne zeen tha faras pe na aswar zeen par
نے زین تھا فرس پہ نہ اسوار زین پر

Kariyan zirah ki bikhri hui thin zameen par
کڑیاں زرہ کی بکھری ہوئی تھیں زمین پر

Whomever that sword fell on, it cut in two;
drawn back, it cut him again into four pieces.
It was there, wherever death pointed it;
if some hardness met it, it bore that too.
There was no saddle left on the horse, no rider on the saddle;
the links of mail lay scattered on the ground.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

130

Aayi chamak ke ghol pe jab sar gira gayi
آئی چمک کے غول پہ جب سر گرا گئی

Dam mein jami safon ko barabar gira gayi
دم میں جمی صفوں کو برابر گرا گئی

Ek ek fiqar tan ko zameen par gira gayi
ایک ایک فقر تن کو زمین پر گرا گئی

Sail aayi zor shor se jab ghar gira gayi
سیل آئی زور شور سے جب گھر گرا گئی

Aa pahuncha us ke ghaat pe jo mar ke reh gaya
آپہونچا اس کے گھاٹ پہ جو مر کے رہ گیا

Darya lahu ka tegh ke paani se beh gaya
دریا لہو کا تیغ کے پانی سے بہ گیا

Flashing, it came upon the throng and brought heads down;
in a moment it levelled the firm-set ranks;
it brought every vertebra of their bodies to the ground,
as a flood comes roaring in and brings down houses.
Whoever came to its landing stayed there dead;
a river of blood flowed from the water of the sword.

131

Ye aabru ye shola fishani Khuda ki shaan
یہ آبرو یہ شعلہ فشانی خدا کی شاں

Paani mein aag aag mein paani Khuda ki shaan
پانی میں آگ آگ میں پانی خدا کی شاں

Khamosh aur tez zabani Khuda ki shaan
خاموش اور تیز زبانی خدا کی شاں

Istada aab mein ye rawani Khuda ki shaan
استادہ آب میں یہ روانی خدا کی شاں

Lehraai jab utar gaya darya barha hua
لہرائی جب اتر گیا دریا بڑھا ہوا

Nezon tha Zulfiqar ka paani charha hua
نیزوں تھا ذوالفقار کا پانی چڑھا ہوا

Such lustre, such scattering of flame: the glory of God!
Fire in water, water in fire: the glory of God!
Silent, yet so sharp of tongue: the glory of God!
Such flowing in still water: the glory of God!
When it rippled, the swollen river sank down;
the water of Zulfiqar had risen lance-high.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

132

Qalb-o-janah maimana-o-maisara tabah
قلب و جناح میمنہ و میسرا تباہ

Gardan kashan-e-ummat-e-Khair-ul-Wara tabah
گردن کشانِ امت خیر الورا تباہ

Jumban zameen safen tah-o-bala para tabah
جنباں زمیں صفیں تہ و بالا پرا تباہ

Be jaan jism rooh-e-musafir sara tabah
بے جان جسم روحِ مسافر سرا تباہ

Bazaar band ho gaye ukhar gaye
بازار بند ہو گئے اکھڑ گئے

Faujen huin tabah mahalle ujar gaye
فوجیں ہوئیں تباہ محلے اجڑ گئے

The centre and the wings, right flank and left, destroyed;
the haughty ones of the community of the Best of Creation destroyed;
the earth shaking, the ranks overturned, the flanks destroyed;
bodies lifeless, the soul a traveller, its lodging destroyed.
The markets were shut and torn down;
the armies were destroyed, the quarters laid waste.

133

Allah ri tezi-o-burish is shola rang ki
اللہ ری تیزی و برش اس شعلہ رنگ کی

Chamki sawaar par to khabar laayi tang ki
چمکی سوار پر تو خبر لائی تنگ کی

Pyaasi faqat lahu ki talab gaar jang ki
پیاسی فقط لہو کی طلب گار جنگ کی

Hajat na saan ki thi use aur na sang ki
حاجت نہ سان کی تھی اسے اور نہ سنگ کی

Khoon se falak ko laashon se maqtal ko bharti thi
خوں سے فلک کو لاشوں سے مقتل کو بھرتی تھی

Sau baar dam mein charkh pe charhti utarti thi
سو بار دم میں چرخ پہ چڑھتی اترتی تھی

Allah! The keenness and the cutting edge of that flame-coloured sword!
When it flashed on a rider, it brought news from his saddle-girth;
thirsting only for blood, eager for battle,
it had no need of whetstone or of grindstone.
It filled the sky with blood and the field with corpses;
a hundred times in a breath it rose to the heavens and came down.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

134

Tegh-e-khizan thi gulshan-e-hasti se kya use
تیغِ خزاں تھی گلشنِ ہستی سے کیا اسے

Ghar jis ka khud ujar gaya basti se kya use
گھر جس کا خود اجڑ گیا بستی سے کیا اسے

Wo haq numa thi kufr parasti se kya use
وہ حق نما تھی کفر پرستی سے کیا اسے

Jo aap sar buland ho pasti se kya use
جو آپ سربلند ہو پستی سے کیا اسے

Kehte hain raasti jise wo kham ke saath hai
کہتے ہیں راستی جسے وہ خم کے ساتھ ہے

Tezi zaban ke saath burish dam ke saath hai
تیزی زبان کے ساتھ برش دم کے ساتھ ہے

It was the sword of autumn: what was the garden of life to it?
One whose own house lies in ruins, what is a town to him?
It showed the truth: what was unbelief to it?
What is lowliness to one who stands high himself?
What men call straightness goes with its curve;
its keenness goes with its tongue, its cutting with its edge.

135

Seene pe chal gayi to kaleja lahu hua
سینے پہ چل گئی تو کلیجہ لہو ہوا

Goya jigar mein maut ka nakhun faroo hua
گویا جگر میں موت کا ناخن فرو ہوا

Chamki to al-aman ka ghul chaar soo hua
چمکی تو الامان کا غل چار سو ہوا

Jo us ke munh pe aa gaya be aabru hua
جو اس کے منہ پہ آگیا بے آبرو ہوا

Rukta tha ek waar na das se na paanch se
رکتا تھا ایک وار نہ دس سے نہ پانچ سے

Chehre siyah ho gaye the us ki aanch se
چہرے سیاہ ہو گئے تھے اس کی آنچ سے

When it struck a breast, the heart turned to blood,
as if the claw of death had sunk into the liver;
when it flashed, a cry for mercy rose on every side;
whoever came before it was put to shame.
Not one of its blows could be stopped by ten men, nor by five;
faces had turned black from its heat.

Free to read, copy and share

136

Bichh bichh gayin safon pe safen wo jahan chali
بچھ بچھ گئیں صفوں پہ صفیں وہ جہاں چلی

Chamki to is taraf idhar aayi wahan chali
چمکی تو اس طرف ادھر آئی وہاں چلی

Donon taraf ki fauj pukaari kahan chali
دونوں طرف کی فوج پکاری کہاں چلی

Us ne kaha yahan wo pukaara wahan chali
اس نے کہا یہاں وہ پکارا وہاں چلی

Munh kis taraf hai tegh zanon ko khabar na thi
منہ کس طرف ہے تیغ زنوں کو خبر نہ تھی

Sar gir rahe the aur tanon ko khabar na thi
سر گر رہے تھے اور تنوں کو خبر نہ تھی

Wherever it went, rank upon rank was laid flat;
it flashed on this side, came over here, went over there;
the army on both sides cried, "Where has it gone?"
one said, "Here!" another cried, "There!"
The swordsmen did not know which way it faced;
heads were falling, and the bodies did not know.

137

Dushman jo ghaat par the wo dhote the jaan se haath
دشمن جو گھاٹ پر تھے وہ دھوتے تھے جاں سے ہاتھ

Gardan se sar alag tha juda the nishan se haath
گردن سے سر الگ تھا جدا تھے نشاں سے ہاتھ

Tora kabhi jigar kabhi chheda sinan se haath
توڑا کبھی جگر کبھی چھیدا سناں سے ہاتھ

Jab kat ke gir paren to phir aayen kahan se haath
جب کٹ کے گر پڑیں تو پھر آئیں کہاں سے ہاتھ

Ab haath dastyab nahin munh chhupaane ko
اب ہاتھ دستیاب نہیں منہ چھپانے کو

Haan paaon reh gaye hain faqat bhaag jaane ko
ہاں پاؤں رہ گئے ہیں فقط بھاگ جانے کو

The enemies at the landing were washing their hands of their lives;
heads were parted from necks, hands from the banners;
now it broke a heart, now it pierced a hand with the spear-point;
once hands are cut off and fallen, where can they come back from?
Now they have no hands left to hide their faces;
yes, only their feet are left, to run away.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

138

Allah re khauf-e-tegh-e-shah-e-kainat ka
اللہ رے خوفِ تیغ شہ کائنات کا

Zahra tha aab khauf ke maare Furat ka
زہرہ تھا آب خوف کے مارے فرات کا

Darya pe haal ye tha har ik bad sifat ka
دریا پہ حال یہ تھا ہر اک بد صفات کا

Chaara farar ka tha na yaara sabat ka
چارہ فرار کا تھا نہ یارا ثبات کا

Ghul tha ke barq girti hai har dir posh par
غل تھا کہ برق گرتی ہے ہر درع پوش پر

Bhaago Khuda ke qahr ka darya hai josh par
بھاگو خدا کے قہر کا دریا ہے جوش پر

Allah! The dread of the sword of the King of creation!
From fear the courage of the Euphrates had turned to water.
At the river every evil-natured man was in such a state
that he could neither flee nor stand his ground.
The cry went up: "Lightning is striking every man in mail!
Run! The river of God's wrath is in full flood!"

139

Har chand machhliyan thin zirah posh sar ba sar
ہر چند مچھلیاں تھیں زرہ پوش سر بسر

Munh khole chhupti phirti thin lekin idhar udhar
منہ کھولے چھپتی پھرتی تھیں لیکن ادھر ادھر

Bhaagi thi mauj chhor ke girdab ki sipar
بھاگی تھی موج چھوڑ کے گرداب کی سپر

The tah nasheen nahang magar aab the jigar
تھے تہ نشیں نہنگ مگر آب تھے جگر

Darya na thamta khauf se is barq taab ke
دریا نہ تھمتا خوف سے اس برق تاب کے

Lekin pare the paaon mein chhaale habab ke
لیکن پڑے تھے پاؤں میں چھالے حباب کے

Though the fish were clad in mail from head to tail,
they went about hiding here and there with open mouths;
the wave had fled, leaving behind the shield of the whirlpool;
the crocodiles had sunk to the bottom, but their hearts had turned to water.
In fear of that lightning-bright sword the river would not have stopped running,
but its feet were covered with the blisters of bubbles.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

140

Aaya Khuda ka qahr jidhar san se aa gayi
آیا خدا کا قہر جدھر سن سے آگئی

Kaanon mein al-aman ki sada ran se aa gayi
کانوں میں الاماں کی صدا رن سے آگئی

Do kar ke khood zeen pe jaushan se aa gayi
دو کر کے خود زین پہ جوشن سے آگئی

Khinchti hui zameen pe tausan se aa gayi
کھنچتی ہوئی زمین پہ توسن سے آگئی

Bijli giri jo khaak pe tegh-e-janab ki
بجلی گری جو خاک پہ تیغِ جناب کی

Aayi sada zameen se Ya Bu-Turab ki
آئی صدا زمین سے یا بوتراب کی

Wherever it swept with a hiss, it was God's wrath arriving;
from the battlefield the cry for mercy reached every ear;
cleaving the helmet in two, it came down through the mail onto the saddle;
dragging on, it came through the horse to the ground.
When the lightning of the noble one's sword fell to earth,
the cry 'O Abu Turab!' came up from the ground.

141

Pis pis ke kashmakash se kamandar mar gaye
پس پس کے کشمکش سے کماندار مر گئے

Chille to sab charhe rahe bazu utar gaye
چلے تو سب چڑھے رہے بازو اتر گئے

Goshe kate kamaanon ke teeron ke par gaye
گوشے کٹے کمانوں کے تیروں کے پر گئے

Maqtal mein ho saka na guzaara guzar gaye
مقتل میں ہو سکا نہ گذارا گذر گئے

Dahshat se hosh ur gaye the murgh-e-wahm ke
دہشت سے ہوش اڑ گئے تھے مرغِ وہم کے

Sofaar khol dete the munh sahm sahm ke
سوفار کھول دیتے تھے منہ سہم سہم کے

Crushed in the struggle, the bowmen died;
the bowstrings all stayed strung, but the arms came off;
the tips of the bows were cut away, the arrows lost their feathers;
there was no surviving on the field; they passed away.
The bird of imagination had lost its wits in terror;
the arrow-notches gaped open their mouths in fright.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

142

Teer afgani ka jin ki har ik shahr mein tha shor
تیر افگنی کا جن کی ہر اک شہر میں تھا شور

Gosha kahin na milta tha un ko siwaaye gor
گوشہ کہیں نہ ملتا تھا ان کو سوائے گور

Taareek shab mein jin ka nishana tha pa-e-mor
تاریک شب میں جن کا نشانہ تھا پائے مور

Lashkar mein khauf-e-jaan ne unhen kar diya tha kor
لشکر میں خوف جاں نے انہیں کردیا تھا کور

Hosh ur gaye the fauj-e-zalalat nishan ke
ہوش اڑ گئے تھے فوج ضلالت نشاں کے

Paikan mein zih ko rakhte the sofaar jaan ke
پیکاں میں زہ کو رکھتے تھے سوفار جاں کے

Those whose archery was famed in every city,
who found no hiding place except the grave,
who on a dark night could hit an ant's foot,
were struck blind in that army by fear for their lives.
The army whose banner was error had lost its wits;
they set the bowstring to the arrowhead, taking it for the notch.

143

Saf par safen paron par pare pesh-o-pas gire
صف پر صفیں پروں پر پرے پیش و پس گرے

Aswar par sawaar faras par faras gire
اسوار پر سوار فرس پر فرس گرے

Uth kar zameen se paanch jo bhaage to das gire
اٹھ کر زمیں سے پانچ جو بھاگے تو دس گرے

Mukhbir pe paik paik par mar kar gire
مخبر پہ پیک پیک پر مر کر گرے

Toote pare shikast bina-e-sitam hui
ٹوٹے پرے شکست بنائے ستم ہوئی

Duniya mein is tarah ki bhi uftad kam hui
دنیا میں اس طرح کی بھی افتاد کم ہوئی

Rank fell upon rank, wing upon wing, front and rear;
rider fell upon rider, horse upon horse;
if five rose from the ground and fled, ten fell;
scout fell dead upon messenger, messenger upon scout.
The wings broke; the foundation of tyranny was overthrown;
seldom has such a calamity befallen the world.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

144

Ghusse tha sher-e-shah za-e-sahra-e-Karbala — غصے تھا شیرِ شہ زۂ صحرائے کربلا

Chhore tha gurg manzil-o-mawa-e-Karbala — چھوڑے تھا گرگ منزل و ماوائے کربلا

Tegh-e-Ali thi marka aara-e-Karbala — تیغ علی تھی معرکہ آرائے کربلا

Khaali na thi saron se kahin ja-e-Karbala — خالی نہ تھی سروں سے کہیں جائے کربلا

Basti basi thi murdon ke qarye ujaar the — بستی بسی تھی مردوں کے قریے اجاڑ تھے

Laashon ki thi zameen saron ke pahaar the — لاشوں کی تھی زمین سروں کے پہاڑ تھے

The fierce lion of the desert of Karbala was in a rage;
the wolf had abandoned its haunts and its lair in Karbala;
the sword of Ali was arraying the battle of Karbala;
nowhere in Karbala was free of heads.
The town of the dead was peopled; the villages lay desolate;
the ground was made of corpses, and there were mountains of heads.

145

Ghazi ne rakh liya tha jo shamsheer ke tale — غازی نے رکھ لیا تھا جو شمشیر کے تلے

Thi turfa kashmakash falak-e-peer ke tale — تھی طرفہ کشمکش فلک پیر کے تلے

Chille simat ke jaate the rah geer ke tale — چلے سمٹ کے جاتے تھے رہ گیر کے تلے

Chhupti thi sar jhuka ke kamaan teer ke tale — چھپتی تھی سر جھکا کے کماں تیر کے تلے

Is tegh-e-be dareegh ka jalwa kahan na tha — اس تیغ بے دریغ کا جلوہ کہاں نہ تھا

Sahme the sab pe gosha-e-amn-o-aman na tha — سہمے تھے سب پہ گوشۂ امن و اماں نہ تھا

Among those the warrior had brought beneath his sword
there was a strange struggle beneath the old sky:
the bowstrings shrank away beneath the thumb-rings;
the bow bowed its head and hid beneath the arrow.
Where was the splendour of that unsparing sword not seen?
All were terrified, yet there was no corner of safety and peace.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

146

Chaaron taraf kamaan-e-kayani ki wo tarang
چاروں طرف کمان کیانی کی وہ ترنگ

Reh reh ke abr-e-Shaam se thi baarish-e-khadang
رہ رہ کے ابرِ شام سے تھی بارشِ خدنگ

Wo shor-o-saiha ablaq-o-surang
وہ شور و صیحہ ابلق و سرنگ

Wo loon wo aftab ki tabindagi wo jang
وہ لوں وہ آفتاب کی تابندگی وہ جنگ

Phunkta tha dasht-e-keen koi dil tha na chain se
پھنکتا تھا دشتِ کیں کوئی دل تھا نہ چین سے

Us din ki taab-o-tab koi poochhe Husain se
اس دن کی تاب و تب کوی پوچھے حسین سے

On every side the twang of the royal bows;
again and again a rain of arrows from the cloud of Syria;
that clamour and crying of the piebald and the bay;
that hot wind, that blaze of the sun, that battle!
The field of hatred was burning; no heart was at ease;
ask Husain about the heat and fever of that day.

147

Saqqe pukaarte the ye mashken liye idhar
سقے پکارتے تھے یہ مشکیں لیے ادھر

Bazaar-e-jang garm hai dhalti hai dopahar
بازارِ جنگ گرم ہے ڈھلتی ہے دوپہر

Pyaasa jo ho wo paani se thanda kare jigar
پیاسا جو ہو وہ پانی سے ٹھنڈا کرے جگر

Mashkon pe daur daur ke girte the ahl-e-shar
مشکوں پہ دور دور کے گرتے تھے اہلِ شر

Kya aag lag gayi thi jahan-e-kharab ko
کیا آگ لگ گئی تھی جہانِ خراب کو

Peete the sab Husain tarapte the aab ko
پیتے تھے سب حسین تڑپتے تھے آب کو

On this side the water-bearers went about with their water-skins, calling,
"The market of battle is hot, and the afternoon is wearing on;
whoever is thirsty, let him cool his heart with water!"
The wicked ran and ran and fell upon the water-skins.
What fire had seized this wretched world!
All were drinking; Husain was longing desperately for water.

Free to read, copy and share

148

Garmi mein pyaas thi ke phenka jaata tha jigar
گرمی میں پیاس تھی کہ پھینکا جاتا تھا جگر

Uf kabhi kaha kabhi chehre pe li sipar
اف کبھی کہا کبھی چہرے پہ لی سپر

Aankhon mein tees uthi jo pari dhoop par nazar
آنکھوں میں ٹیس اٹھی جو پڑی دھوپ پر نظر

Jhapte kabhi idhar kabhi hamla kiya udhar
جھپٹے کبھی ادھر کبھی حملہ کیا ادھر

Kasrat araq ke qatron ki thi roo-e-pak par
کثرت عرق کے قطروں کی تھی روئے پاک پر

Moti baraste jaate the maqtal ki khaak par
موتی برستے جاتے تھے مقتل کی خاک پر

In that heat his thirst was such that his heart was scorched;
now he cried out 'Ah!', now raised his shield before his face;
a pang shot through his eyes when his glance fell on the sunlight;
now he sprang this way, now charged that way.
Drops of sweat stood thick upon his pure face;
pearls kept raining down on the dust of the field of slaughter.

149

Serab chhupte phirte the pyaase ki jang se
سیراب چھپتے پھرتے تھے پیاسے کی جنگ سے

Chalti thi ek tegh-e-Ali laakh rang se
چلتی تھی ایک تیغ علی لاکھ رنگ سے

Chamki jo farq par to nikal aayi tang se
چمکی جو فرق پر تو نکل آئی تنگ سے

Rukti thi ne sipar se na aahan na sang se
رکتی تھی نے سپر سے نہ آہن نہ سنگ سے

Khaliq ne munh diya tha ajab aab-o-taab ka
خالق نے منہ دیا تھا عجب آب و تاب کا

Khood us ke saamne tha phaphola habab ka
خود اس کے سامنے تھا پھپھولا حباب کا

Those who had drunk their fill hid from the fighting of the thirsty one;
the single sword of Ali moved in a hundred thousand ways;
when it flashed on a head, it came out at the saddle-girth;
neither shield nor iron nor stone could stop it.
The Creator had given it an edge of wondrous lustre;
before it a helmet was no more than the blister of a bubble.

Free to read, copy and share

150

Sahme hue the yun ke kisi ko na thi khabar
سہمے ہوئے تھے یوں کہ کسی کو نہ تھی خبر

Paikan kidhar hai teer ka mazaar hai kidhar
پیکاں کدھر ہے تیر کا مزار ہے کدھر

Mardum ki kashmakash se kamaanon ko tha ye dar
مردم کی کشمکش سے کمانوں کو تھا یہ ڈر

Goshon ki dhoondhti thi zameen par jhuka ke sar
گوشوں کی ڈھونڈھتی تھی زمیں پر جھکا کے سر

Tarkash se khenche teer koi ye jigar na tha
ترکش سے کھینچے تیر کوئی یہ جگر نہ تھا

Seesar pe jis ne haath rakha tan pe sar na tha
سیسر پہ جس نے ہاتھ رکھا تن پہ سر نہ تھا

They were so terrified that no one knew
which way the arrowhead was and which the notch;
the bows so feared the men's pulling
that they sought out corners, bowing their heads to the ground.
No one had the nerve to draw an arrow from the quiver;
whoever laid his hand on his sword had no head left on his body.

151

Ghoron ki wo tarap wo chamak tegh-e-tez ki
گھوڑوں کی وہ تڑپ وہ چمک تیغ تیز کی

Sau sau safen kuchal gayin jab jast-o-khez ki
سو سو صفیں کچل گئین جب جست و خیز کی

Laakhon mein thi na ek ko taaqat sateez ki
لاکھوں مین تھی نہ ایک کو طاقت ستیز کی

Thi chaar simt dhoom gureza gurez ki
تھی چار سمت دھوم گریزا گریز کی

Aari jo ho gayi thin wo sab Zulfiqar se
آری جو ہو گئی تھیں وہ سب ذوالفقار سے

Teghon ne munh phira liye the karzar se
تیغوں نے منہ پھرا لیے تھے کارزار سے

That leaping of the horses, that flashing of the keen sword!
Whenever it sprang and bounded, hundreds of ranks were crushed;
among a hundred thousand not one had the strength to fight;
on every side there was a clamour of flight upon flight.
The swords that Zulfiqar had notched like saws
had all turned their faces away from the battle.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

152

Ghoron ki jast-o-khez se utha ghubar-e-zard
گھوڑوں کی جست و خیز سے اٹھا غبار زرد

Gardoon mein misl-e-sheesha-e-saat bhari thi gard
گردوں میں مثل شیشہ ساعت بھری تھی گرد

Tooda bana tha khaak ka meena-e-lajward
تودا بنا تھا خاک کا مینائے لاجورد

Koson siyah taar tha shab wadi-e-nabard
کوسوں سیاہ تار تھا شب وادی نبرد

Pinhan nazar se nayyar-e-geeti faroz tha
پنہاں نظر سے نیر گیتی فروز تھا

Dhalti thi dopahar ke na shab tha na roz tha
ڈھلتی تھی دوپہر کے نہ شب تھا نہ روز تھا

From the leaping and bounding of the horses rose a yellow dust;
the heavens were filled with it as an hourglass is with sand;
the azure enamel of the sky had become a heap of dust;
for miles the valley of battle was pitch-dark as night.
The world-illuminating sun was hidden from sight;
the afternoon was wearing on, yet it was neither night nor day.

153

Allah ri larai mein shaukat janab ki
اللہ ری لڑائی میں شوکت جناب کی

Saunlaaye rang mein thi ziya aftab ki
سونلائے رنگ میں تھی ضیا آفتاب کی

Sookhe wo lab ke pankhriyan thin gulab ki
سوکھے وہ لب کہ پنکھڑیاں تھیں گلاب کی

Tasyur Zuljanah pe thi Bu-Turab ki
تصویر ذو الجناح پہ تھی بو تراب کی

Hota tha ghul jo karte the naare larai mein
ہوتا تھا غل جو کرتے تھے نعرے لڑائی میں

Bhaago ke sher goonj raha hai taraai mein
بھاگو کہ شیر گونج رہا ہے ترائی میں

Allah! The majesty of the noble one in battle!
In his sun-darkened face shone the radiance of the sun;
those dry lips were like the petals of a rose;
on Zuljanah sat the very image of Abu Turab.
When he raised his battle cries, a shout went up:
"Run! The lion is roaring by the riverbank!"

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

154

Phir to ye ghul hua ke duhaai Husain ki
پھر تو یہ غل ہوا کہ دہائی حسین کی

Allah ka ghazab tha larai Husain ki
اللہ کا غضب تھا لڑائی حسین کی

Darya Husain ka hai taraai Husain ki
دریا حسین کا ہے ترائی حسین کی

Duniya Husain ki hai khudaai Husain ki
دنیا حسین کی ہے خدائی حسین کی

Bera bachaaya aap ne toofan se Nooh ka
بیڑا بچایا آپ نے طوفاں سے نوح کا

Ab rahm wasta mile Akbar ki rooh ka
اب رحم واسطہ ملے اکبر کی روح کا

Then the cry went up, "Help us, Husain!"
Husain's fighting was the wrath of Allah.
"The river is Husain's, the riverbank is Husain's;
the world is Husain's, the whole creation is Husain's.
It was you who saved Noah's ark from the Flood;
now have mercy, for the sake of Akbar's soul!"

155

Akbar ka naam sun ke jigar par lagi sinan
اکبر کا نام سن کے جگر پر لگی سناں

Aansoo bhar aaye rok li rahwar ki inan
آنسو بھر آئے روک لی رہوار کی عناں

Mur kar pukaare laash-e-pisar ko shah-e-zaman
مڑ کر پکارے لاش پسر کو شۂ زماں

Tum ne na dekhi jang-e-pidar ae pidar ki jaan
تم نے نہ دیکھی جنگِ پدر اے پدر کی جاں

Qasmen tumhaari rooh ki ye log dete hain
قسمیں تمہاری روح کی یہ لوگ دیتے ہیں

Lo ab to Zulfiqar ko hum rok lete hain
لو اب تو ذوالفقار کو ہم روک لیتے ہیں

Hearing Akbar's name, he felt a spear-point in his heart;
his eyes filled with tears; he reined in his horse.
Turning, the King of the age called to his son's body,
"You did not see your father's fighting, my darling!
These people are adjuring me by your soul;
there, now I hold back Zulfiqar."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

156

Chillaaya haath maar ke zaanu pe Ibn-e-Saad
چلایا ہاتھ مار کے زانو پہ ابنِ سعد

Ae wa fazihata ye hazimat zafar ke baad
اے وا فضیحتا یہ ہزیمت ظفر کے بعد

Zeba dilawaron ko nahin hai khilaf-e-waad
زیبا دلاوروں کو نہیں ہے خلافِ وعد

Ik pahlwan ye sunte hi garja misaal-e-raad
اک پہلوان یہ سنتے ہی گرجا مثالِ رعد

Nara kiya ke karta hoon hamla Imam par
نعرہ کیا کہ کرتا ہوں حملہ امام پر

Ae Ibn-e-Saad likh le zafar mere naam par
اے ابنِ سعد لکھ لے ظفر میرے نام پر

Ibn Saad struck his knee with his hand and cried,
"O shame! This rout after victory!
Breaking their word does not become the brave."
Hearing this, a champion roared like thunder
and shouted, "I will charge the Imam;
Ibn Saad, write down the victory in my name!"

157

Bala qad-o-kuluft-o-tanomand-o-khira sar
بالا قدو کلفت و تنو مند و خیرہ سر

Rooyeen tan-o-siyah daroon, aahani kamar
روئیں تن و سیاہ دروں، آہنی کمر

Nawak payam-e-marg ke tarkash ajal ka ghar
ناوک پیام مرگ کے ترکش اجل کا گھر

Teghen hazar toot gayin jis pe wo sipar
تیغیں ہزار ٹوٹ گئیں جس پہ وہ سپر

Dil mein badi tabiat-e-bad mein bigaar tha
دل میں بدی طبیعتِ بد میں بگاڑ تھا

Ghore pe tha shaqi ke hawa par pahaar tha
گھوڑے پہ تھا شقی کہ ہوا پر پہاڑ تھا

Tall, thickset, burly and insolent,
brazen-bodied and black-hearted, with an iron waist;
his arrows were messengers of death, his quiver the house of fate;
his shield was one on which a thousand swords had broken.
There was evil in his heart, corruption in his wicked nature;
the wretch on his horse was like a mountain borne on the wind.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

158

Saath us ke aur isi qad-o-qamat ka ek pal
ساتھ اس کے اور اسی قد و قامت کا ایک پل

Aankhen kabood rang siyah abruon pe bal
آنکھیں کبود رنگ سیہ ابروؤں پہ بل

Badkar bad shiar sitamgar-o-pur daghal
بدکار بد شعار ستمگار و پر دغل

Jang azma bhagaaye hue lashkaron ke dil
جنگ آزما بھگائے ہوئے لشکروں کے دل

Bhaale liye kase hue kamren sateez par
بھالے لیے کسے ہوئے کمریں ستیز پر

Naazaan wo zarb-e-gurz pe ye tegh-e-tez par
نازاں وہ ضرب گرز پہ یہ تیغ تیز پر

With him came another champion of the same height and build,
with blue-grey eyes, dark skin and a frown on his brows,
an evildoer, wicked by habit, a tyrant full of deceit,
seasoned in battle, who had put the hearts of armies to flight.
Both bore lances, their waists girded for the fight;
the one proud of the blow of his mace, the other of his keen sword.

159

Khinch jaaye shakl-e-harb wo tadbeer chahiye
کھنچ جائے شکلِ حرب وہ تدبیر چاہیے

Dushman bhi sab muqir hon wo taqreer chahiye
دشمن بھی سب مقر ہوں وہ تقریر چاہیے

Tezi zaban mein surat-e-shamsheer chahiye
تیزی زبان میں صورتِ شمشیر چاہیے

Faulad ka qalam dam-e-tahreer chahiye
فولاد کا قلم دمِ تحریر چاہیے

Naqsha khinche ga saaf saf-e-kaar zaar ka
نقشہ کھنچے گا صاف صفِ کارزار کا

Paani dawat chaahti hai Zulfiqar ka
پانی دوات چاہتی ہے ذوالفقار کا

One needs a craft that can draw the very shape of battle,
an eloquence to which even every enemy would assent;
the tongue should have the keenness of a sword;
for the writing one needs a pen of steel.
The picture of the battle-line will be drawn clearly
only if the inkwell holds the water of Zulfiqar.

Free to read, copy and share

160

Lashkar mein iztirab tha faujon mein khalbali
لشکر میں اضطراب تھا فوجوں میں کھلبلی

Saawant be hawas harasan dhani bali
ساونت بے حواس ہراسان دھنی بلی

Dar tha ke lo Husain barhe tegh ab chali
ڈر تھا کہ لو حسین بڑھے تیغ اب چلی

Ghul tha idhar hain Marhab-o-Antar udhar Ali
غل تھا ادھر ہیں مرحب و عنتر ادھر علی

Kaun aaj sar buland ho aur kaun past ho?
کون آج سربلند ہو اور کون پست ہو؟

Kis ki zafar ho dekhiye kis ki shikast ho?
کس کی ظفر ہو دیکھیے کس کی شکست ہو؟

There was alarm in the army, turmoil in the ranks;
the champions lost their wits; the mighty and the strong were afraid.
They feared: "See, Husain has advanced; now the sword is at work!"
The cry went up: "Here are Marhab and Antar, and there is Ali!
Who will stand high today, and who be brought low?
Let us see whose is the victory, whose the defeat!"

161

Aawaz di ye hatif-e-ghaibi ne tab ke haan
آواز دی یہ ہاتفِ غیبی نے تب کہ ہاں

Bismillah ae Amir-e-Arab ke suroor-e-jaan
بسم اللہ اے امیر عرب کے سرور جاں

Uthi Ali ki tegh-e-do dam chaat kar zaban
اٹھی علی کی تیغ دو دم چاٹ کر زباں

Baithe durust ho ke faras pe shah-e-zaman
بیٹھے درست ہو کے فرس پہ شہِ زماں

Waan se wo shor bakht barha nara maar ke
واں سے وہ شور بخت بڑھا نعرہ مار کے

Paani bhar aaya munh mein idhar Zulfiqar ke
پانی بھر آیا منہ میں ادھر ذوالفقار کے

Then the unseen herald called out, "Yes!
In the name of Allah, O delight of the Prince of Arabia's soul!"
Ali's two-edged sword rose, licking its tongue;
the King of the age settled himself firmly on his horse.
From there that ill-starred man advanced with a battle cry;
here Zulfiqar's mouth began to water.

Free to read, copy and share

162

Lashkar ke sab jawan the larai mein ji laraaye
لشکر کے سب جواں تھے لڑائی میں جی لڑائے

Wo bad nazar tha aankhon
mein aankhen idhar garaaye
وہ بد نظر تھا آنکھوں میں آنکھیں ادھر گڑائے

Dhaalen laren sipah ki ya abr gargaraaye
ڈھالیں لڑیں سپاہ کی یا ابر گڑگڑائے

Ghusse mein aaye ghore ne kabhi daant karkaraaye
غصے میں آئے گھوڑے نے
کبھی دانت کڑکڑائے

Maari jo taap dar ke hate har laeen ke paaon
ماری جو ٹاپ ڈر کے ہٹے ہر لعیں کے پاؤں

Mahi pe dagmagaaye gaad-e-zameen ke paaon
ماہی پہ ڈگمگائے گادِ زمیں کے پاؤں

All the young men of the army were throwing their hearts into the fight;
that evil-eyed man had fixed his eyes on this side, staring;
the soldiers' shields clashed, or was it the clouds rumbling?
In anger his horse too gnashed its teeth.
When it stamped its hoof, every accursed man stepped back in fear;
the feet of the bull that bears the earth tottered on the fish.

163

Neza hila ke shah par aaya wo khud pasand
نیزہ ہلا کے شاہ پر آیا وہ خود پسند

Mushkil-kusha ke laal ne khole tamam band
مشکل کشا کے لال نے کھولے تمام بند

Teer-o-kamaan se bhi na hua jab wo bahra mand
تیر و کماں سے بھی نہ ہوا جب وہ بہرہ مند

Chilla udhar khincha ke chali tegh sar buland
چلا ادھر کھنچا کہ چلی تیغ سر بلند

Wo teer kat gaye jo dar aate the sang mein
وہ تیر کٹ گئے جو در آتے تھے سنگ میں

Goshe na the kamaan mein na paikan khadang mein
گوشے نہ تھے کماں میں نہ پیکاں خدنگ میں

That arrogant man came at the King, brandishing his lance;
the son of the Remover of difficulties loosened every strap.
When he gained nothing from arrow and bow either,
the bowstring was drawn on that side, and the lofty sword moved here.
Arrows that could pierce stone were cut to pieces;
no tips were left on the bows, no heads on the arrows.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

164

Zalim utha ke gurz ko aaya janab par
ظالم اٹھا کے گرز کو آیا جناب پر

Tari hua ghazab khalaf-e-Bu-Turab par
طاری ہوا غضب خلفِ بوتراب پر

Maara jo haath paaon jama kar rikab par
مارا جو ہاتھ پاؤں جما کر رکاب پر

Bijli giri shaqi ke sar-e-pur itab par
بجلی گری شقی کے سرِ پر عتاب پر

Bad haath mein shikast zafar nek haath mein
بد ہاتھ میں شکست ظفر نیک ہاتھ میں

Haath ur ke ja para kai haath ek haath mein
ہاتھ اڑ کے جا پڑا کئی ہاتھ ایک ہاتھ میں

The tyrant raised his mace and came at the noble one;
wrath came over the son of Abu Turab;
planting his feet firmly in the stirrups, he struck:
lightning fell on the wretch's wrathful head.
Defeat in the wicked hand, victory in the good;
at one stroke a hand flew off and fell several yards away.

165

Kuchh dast pacha ho ke chala tha wo nabakar
کچھ دست پاچہ ہو کے چلا تھا وہ نابکار

Panje se par ajal ke kahan ja sake shikar
پنجے سے پر اجل کے کہاں جا سکے شکار

Waan us ne baayen haath mein li tegh-e-aabdar
واں اس نے بائیں ہاتھ میں لی تیغِ آبدار

Yaan sar se aayi pusht ke fiqron pe Zulfiqar
یاں سر سے آئی پشت کے فقروں پہ ذوالفقار

Qurbaan tegh-e-tez-e-shah-e-namdar ke
قرباں تیغِ تیز شہِ نامدار کے

Do tukre the sawaar ke do rahwar ke
دو ٹکڑے تھے سوار کے دو رہوار کے

That villain had set off, somewhat flustered,
but how can the prey escape the claws of death?
There he took a gleaming sword in his left hand;
here Zulfiqar came down from his head to the vertebrae of his back.
I would give my life for the keen sword of the renowned King!
The rider lay in two pieces, and the horse in two.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

166

Phir doosre pe gurz utha kar pukaare shah
پھر دوسرے پہ گرز اٹھا کر پکارے شاہ

Kyun zarb-e-Zulfiqar pe tu ne bhi ki nigaah
کیوں ضرب ذوالفقار پہ تو نے بھی کی نگاہ

Sarshar tha sharab-e-takabbur se roo siyah
سرشار تھا شرابِ تکبر سے رو سیاہ

Jaata kahan ke maut to roke hue thi raah
جاتا کہاں کہ موت تو روکے ہوئے تھی راہ

Ghul tha use ajal ne barhaaya jo gher ke
غل تھا اسے اجل نے بڑھایا جو گھیر کے

Lo doosra shikar chala munh mein sher ke
لو دوسرا شکار چلا منہ میں شیر کے

Then, raising his mace over the second, the King called out,
"Well, have you too seen the blow of Zulfiqar?"
The black-faced man was drunk with the wine of arrogance;
where could he go, when death was barring his way?
As death hemmed him in and drove him forward, the cry went up,
"See, the second prey is heading into the lion's mouth!"

167

Aata tha wo ke asp-e-shah-e-deen palat para
آتا تھا وہ کہ اسپِ شہِ دین پلٹ پڑا

Sabit hua ke sher-e-gurusna jhapat para
ثابت ہوا کہ شیرِ گرسنہ جھپٹ پڑا

Tegha shaqi ne dhaal pe maara to pat para
تیغہ شقی نے ڈھال پہ مارا تو پٹ پڑا

Zarbat pari ke gumbad-e-dawwar phat para
ضربت پڑی کہ گنبدِ دوار پھٹ پڑا

Paiwand-e-sadr-e-zeen jaru farq ho gaya
پیوندِ صدرِ زین جرو فرق ہوگیا

Ghora zameen mein seene talak gharq ho gaya
گھوڑا زمین میں سینے تلک غرق ہوگیا

He was still coming on when the horse of the King of the faith wheeled round;
it was as though a famished lion had pounced.
When the wretch struck his blade on the shield, it fell flat;
then came a blow at which the turning dome of heaven split open.
The crown of his head was driven into the front of the saddle;
the horse sank into the ground up to its chest.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

168

Pariyon se Qaf chhoot gaya aur jinnon se ghar
پریوں سے قاف چھوٹ گیا اور جنوں سے گھر

Sheron se dasht gurg se ban azhdaron se dar
شیروں سے دشت گرگ سے بن اژدروں سے در

Shaheen-o-kabk chhup gaye ik ja mila ke sar
شاہیں و کبک چھپ گئے اک جا ملا کے سر

Ur kar gire jazeeron mein darya ke jaanwar
اڑ کر گرے جزیروں میں دریا کے جانور

Simte pahaar munh ko ja daaman se dhaanp ke
سمٹے پہاڑ منہ کو جا دامن سے ڈھانپ کے

Seemurgh ne gira diye par kaanp kaanp ke
سیمرغ نے گرا دیے پر کانپ کانپ کے

The fairies fled Mount Qaf, and the jinn their homes;
the lions left the desert, the wolves the forest, the dragons their lairs;
falcon and partridge hid together, heads close in one place;
the creatures of the river leapt out and fell upon the islands.
The mountains shrank back, covering their faces with their skirts;
the Simurgh, trembling and trembling, let its feathers fall.

169

Aayi sada-e-ghaib ke Shabbir marhaba
آئی صدائے غیب کہ شبیر مرحبا

Is haath ke liye thi ye shamsheer marhaba
اس ہاتھ کے لیے تھی یہ شمشیر مرحبا

Ye aabru ye jang ye tauqeer marhaba
یہ آبرو یہ جنگ یہ توقیر مرحبا

Dikhla di maan ke doodh ki taseer marhaba
دکھلا دی ماں کے دودھ کی تاثیر مرحبا

Ghalib kiya Khuda ne tujhe kainat par
غالب کیا خدا نے تجھے کائنات پر

Bas khatima jihad ka hai teri zaat par
بس خاتمہ جہاد کا ہے تیری ذات پر

A voice came from the unseen: "Well done, Shabbir!
This sword was made for this hand; well done!
Such honour, such fighting, such dignity; well done!
You have shown the power of your mother's milk; well done!
God has made you victorious over all creation;
fighting in God's way finds its consummation in you."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

170

Bas ab na kar wagha ki hawas ae Husain bas
بس اب نہ کر وغا کی ہوس اے حسین بس

Dam be hawa mein chand nafas ae Husain bas
دم بے ہوا میں چند نفس اے حسین بس

Garmi se haanpta hai faras ae Husain bas
گرمی سے ہانپتا ہے فرس اے حسین بس

Waqt-e-namaz-e-asr hai bas ae Husain bas
وقتِ نمازِ عصر ہے بس اے حسین بس

Pyaasa lara nahin koi yun izdiham mein
پیاسا لڑا نہیں کوئی یوں اژدھام میں

Ab ehtimam chahiye ummat ke kaam mein
اب اہتمام چاہیے امت کے کام میں

"Enough now; desire battle no more, O Husain, enough!
Take breath in the air for a few moments, O Husain, enough!
Your horse is panting in the heat, O Husain, enough!
It is the time of the afternoon prayer; enough, O Husain, enough!
No thirsty man ever fought like this in such a throng;
now you must see to the work you owe the community."

171

Labbaik keh ke tegh rakhi shah ne miyaan mein
لبیک کہہ کے تیغ رکھی شہ نے میان میں

Palti sipah aayi qayamat jahan mein
پلٹی سپاہ آئی قیامت جہان میں

Par sarkashon ne teer milaaye kamaan mein
پر سرکشوں نے تیر ملائے کمان میں

Phir gal gaye lipat ke pharere nishan mein
پھر گل گئے لپٹ کے پھریرے نشان میں

Bekas Husain zulm shiaron mein ghir gaye
بیکس حسین ظلم شعاروں میں گھر گئے

Maula tumhaare laakh sawaaron mein ghir gaye
مولا تمہارے لاکھ سواروں میں گھر گئے

Answering 'Here I am!', the King put his sword back in its sheath;
the army turned back, and doom came upon the world.
But the rebels fitted their arrows to their bows;
the pennants furled round the banners were let loose again.
The friendless Husain was surrounded by the tyrants;
your Master was surrounded by a hundred thousand horsemen.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

172

Seene pe saamne se chale das hazar teer
سینے پہ سامنے سے چلے دس ہزار تیر

Chhaati pe lag gaye kai sau ek baar teer
چھاتی پہ لگ گئے کئی سو ایک بار تیر

Pehlu ke paar barchhiyan seene ke paar teer
پہلو کے پار برچھیاں سینے کے پار تیر

Parte the das jo khenchte the tan se chaar teer
پڑتے تھے دس جو کھینچتے تھے تن سے چار تیر

Yun the khadang zill-e-ilahi ke jism par
یوں تھے خدنگ ظلِ الٰہی کے جسم پر

Jis tarah khana hote hain saahi ke jism par
جس طرح خانہ ہوتے ہیں ساہی کے جسم پر

Ten thousand arrows flew at his breast from the front;
several hundred struck his chest at once;
lances passed through his side, arrows through his breast;
if he pulled four arrows from his body, ten more struck.
So stood the arrows on the body of the Shadow of God
as the quills stand on the body of a porcupine.

173

Chalte the chaar simt se bhaale Husain par
چلتے تھے چار سمت سے بھالے حسین پر

Toote hue the barchhiyon waale Husain par
ٹوٹے ہوئے تھے برچھیوں والے حسین پر

Qatil the khanjaron ko nikaale Husain par
قاتل تھے خنجروں کو نکالے حسین پر

Ye dukh Nabi ki god ke paale Husain par
یہ دکھ نبی کی گود کے پالے حسین پر

Teer-e-sitam nikaalne waala koi na tha
تیرِ ستم نکالنے والا کوئی نہ تھا

Girte the aur sambhalne waala koi na tha
گرتے تھے اور سنبھالنے والا کوئی نہ تھا

From all four sides lances were thrust at Husain;
the spearmen had fallen upon Husain;
the killers stood over Husain with daggers drawn;
such pain for Husain, raised in the Prophet's lap!
There was no one to draw out the arrows of cruelty;
he was falling, and there was no one to hold him up.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

174

Laakhon mein ek bekas-o-dilgeer haaye haaye
لاکھوں میں ایک بیکس و دلگیر ہائے ہائے

Farzand-e-Fatima ki ye tauqeer haaye haaye
فرزندِ فاطمہ کی یہ توقیر ہائے ہائے

Bhaale wo aur wo pehlu-e-Shabbir haaye haaye
بھالے وہ اور وہ پہلو شبیر ہائے ہائے

Wo zehr mein bujhaaye hue teer haaye haaye
وہ زہر میں بجھائے ہوئے تیر ہائے ہائے

Ghusse mein the jo fauj ke sarkash bhare hue
غصے میں تھے جو فوج کے سرکش بھرے ہوئے

Khaali kiye Husain pe tarkash bhare hue
خالی کیے حسین پہ ترکش بھرے ہوئے

One friendless, grieving man among a hundred thousand, alas, alas!
Such honour shown to the son of Fatima, alas, alas!
Those lances, and that side of Shabbir, alas, alas!
Those arrows dipped in poison, alas, alas!
The rebels of the army who were full of rage
emptied their full quivers upon Husain.

175

Wo gird the jo bhaagte the waqt-e-jang
وہ گرد تھے جو بھاگتے تھے وقتِ جنگ

Ik sang dil ne paas se maara jabeen pe sang
اک سنگ دل نے پاس سے مارا جبیں پہ سنگ

Sadme se zard ho gaya sibt-e-Nabi ka rang
صدمے سے زرد ہو گیا سبطِ نبی کا رنگ

Maathe pe haath tha ke gale par laga khadang
ماتھے پہ ہاتھ تھا کہ گلے پر لگا خدنگ

Thaama gala janab ne maathe ko chhor ke
تھاما گلا جناب نے ماتھے کو چھوڑ کے

Nikla wo teer halq-e-mubarak ko tor ke
نکلا وہ تیر حلقِ مبارک کو توڑ کے

Those who had fled at the time of battle now gathered round;
a stone-hearted man threw a stone at his forehead from close by;
the colour of the Prophet's grandson turned pale with the shock;
his hand was on his forehead when an arrow struck his throat.
The noble one let go of his forehead and clutched his throat;
that arrow came out, tearing through his blessed throat.

Free to read, copy and share

176

Likha hai teen phaal ka tha nawak-e-sitam
لکھا ہے تین پھال کا تھا ناوکِ ستم

Munh khul gaya ulat gayi gardan ruka jo dam
منہ کھل گیا الٹ گئی گردن رکا جو دم

Khenchi siri gale ki taraf se ba chashm-e-nam
کھینچی سری گلے کی طرف سے بچشم نم

Bhaalen nikaalin pusht ki janib se ho ke kham
بھالیں نکالیں پشت کی جانب سے ہو کے خم

Ubla jo khoon nikalta hua dam thehar gaya
ابلا جو خوں نکلتا ہوا دم ٹھہر گیا

Chullu rakha ho zakhm ke neeche to bhar gaya
چلو رکھا ہو زخم کے نیچے تو بھر گیا

It is written that the cruel arrow was three-bladed;
his mouth fell open, his neck twisted back, his breath stopped.
With tearful eyes he pulled its tip out from the side of the throat;
bending over, he drew the blades out through the back.
When the blood gushed out, the departing breath paused;
when he held his cupped hand beneath the wound, it filled.

177

Dushman tha shah ka Awar Salma ad de deen
دشمن تھا شہ کا اعور سلمیٰ عدے دیں

Sar par lagaai tegh ke shaq ho gayi jabeen
سر پر لگائی تیغ کہ شق ہو گئی جبیں

Maari jigar pe Ibn-e-Anas ne sinan-e-keen
ماری جگر پہ ابنِ انس نے سنانِ کیں

Bhaaga karo ke kokh mein barchhi ko ik laeen
بھاگا کڑو کے کوکھ میں برچھی کو اک لعیں

Ghore pe dagmaga ke jo Hazrat ne aah ki
گھوڑے پہ ڈگمگا کے جو حضرت نے آہ کی

Tharra gayi zareeh-e-risalat panah ki
تھرا گئی ضریح رسالت پناہ کی

The one-eyed Salmi, an enemy of the faith, was the King's foe;
he struck a sword on his head, so that his brow was split;
Sinan ibn Anas drove the spear of hatred into his side;
one accursed man drove a lance into his flank and ran.
When the revered one swayed on his horse and sighed,
the shrine of the Messenger trembled.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

178

Girte hain ab Husain faras par se hai ghazab
گرتے ہیں اب حسین فرس پر سے ہے غضب

Nikli rikab pa-e-mutahhar se hai ghazab
نکلی رکاب پائے مطہر سے ہے غضب

Pehlu shigafta hua khanjar se hai ghazab
پہلو شگافتہ ہوا خنجر سے ہے غضب

Ghash mein jhuke amama gira sar se hai ghazab
غش میں جھکے عمامہ گرا سر سے ہے غضب

Quran rahl-e-zeen se sar-e-farsh gir para
قرآں رحل زیں سے سرِ فرش گر پڑا

Deewar-e-Kaaba baith gayi arsh gir para
دیوارِ کعبہ بیٹھ گئی عرش گر پڑا

Now Husain is falling from his horse: O calamity!
The stirrup slipped from his pure foot: O calamity!
His side was split open by a dagger: O calamity!
He bowed in a faint, his turban fell from his head: O calamity!
The Quran fell from the stand of the saddle to the ground;
the wall of the Kaaba sank down, the Throne fell.

179

Jangal se aayi Fatima Zahra ki ye sada
جنگل سے آئی فاطمہ زہرا کی یہ صدا

Ummat ne mujh ko loot liya wa Muhammada
امت نے مجھ کو لوٹ لیا وا محمدا

Is waqt kaun haq-e-mohabbat kare ada
اس وقت کون حق محبت کرے ادا

Hai hai ye zulm aur do aalam ka muqtada
ہے ہے یہ ظلم اور دو عالم کا مقتدا

Unees sau hain zakhm tan-e-chaak chaak par
انیس سو ہیں زخم تن چاک چاک پر

Zainab nikal Husain tarapta hai khaak par
زینب نکل حسین تڑپتا ہے خاک پر

From the wilderness came this cry of Fatima Zahra:
"The community has plundered me! Alas, O Muhammad!
Who is there at this hour to pay the debt of love?
Alas, alas, this cruelty, and he the leader of both worlds!
There are nineteen hundred wounds on his torn body;
Zainab, come out! Husain is writhing on the ground."

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

180

Parda ulat ke bint-e-Ali nikli nange sar
پردہ الٹ کے بنتِ علی نکلی ننگے سر

Larzan qadam, khameeda
kamar, gharq-e-khoon-e-jigar
لرزاں قدم، خمیدہ کمر، غرق خون جگر

Chaaron taraf pukaarti thi sar ko peet kar
چاروں طرف پکارتی تھی سر کو پیٹ کر

Ae Karbala bata, tera mehmaan hai kidhar
اے کربلا بتا، ترا مہمان ہے کدھر

Ammaan qadam ab uthte nahin tishna kaam ke
اماں قدم اب اٹھتے نہیں تشنہ کام کے

Pahuncha do laash par mere bazu ko thaam ke
پہونچا دو لاش پر مرے بازو کو تھام کے

Throwing back the curtain, Ali's daughter came out bareheaded,
her steps trembling, her back bent, drowned in her heart's blood;
beating her head, she cried out on every side,
"O Karbala, tell me, where is your guest?
Mother, my thirsty feet will no longer lift;
hold my arm and take me to his body."

181

Is waqt sab jahan meri aankhon mein hai siyah
اس وقت سب جہاں مری
آنکھوں میں ہے سیاہ

Logo! Khuda ke waaste mujh ko batao raah
لوگو ! خدا کے واسطے مجھ کو بتاؤ راہ

Sayyid kidhar tarapta hai Ammaan kidhar hain aah?
سید کدھر تڑپتا ہے اماں کدھر ہیں آہ؟

Kis simt hai Nabi ke nawaase ki qatl gah?
کس سمت ہے نبی کے نواسے کی قتل گاہ؟

Shole dil-o-jigar se nikalte hain aah ke
شعلے دل و جگر سے نکلتے ہیں آہ کے

Ye kaun naam leta hai mera karaah ke
یہ کون نام لیتا ہے میرا کراہ کے

"At this moment the whole world is dark before my eyes;
people! For God's sake, show me the way!
Where is the Sayyid writhing? Mother, where are you? Ah!
In which direction is the place where the Prophet's grandson is being slain?
Flames of sighs rise from my heart and soul;
who is this, groaning, calling out my name?"

Free to read, copy and share

182

Kis ne sada ye di ke behan is taraf na aao
کس نے صدا یہ دی کہ بہن اس طرف نہ آؤ

Bas ab safar qareeb hai lillah ghar mein jaao
بس اب سفر قریب ہے للہ گھر میں جاؤ

Ab doobti hai aal-e-Rasool-e-Khuda ki naao
اب ڈوبتی ہے آلِ رسولِ خدا کی ناؤ

Ya Murtaza ghareebon ke bere ko tum bachao
یا مرتضیٰ غریبوں کے بیڑے کو تم بچاؤ

Ab chhoriyo na dasht-e-bala mein Husain ko
اب چھوڑیو نہ دشتِ بلا میں حسین کو

Ya Fatima chhupa lo rawa mein Husain ko
یا فاطمہ چھپا لو روا میں حسین کو

Who called out, "Sister, do not come this way;
the journey is near now; for Allah's sake, go back into the tent.
Now the boat of the family of God's Messenger is sinking;
O Murtaza, save the boat of these strangers in a strange land!
Do not now leave Husain in the plain of affliction;
O Fatima, hide Husain within your mantle!"

183

Bint-e-Ali to peetti phirti thi nange sar
بنتِ علی تو پیٹتی پھرتی تھی ننگے سر

Katta tha noor-e-chashm-e-Ali ka gala idhar
کٹتا تھا نورِ چشمِ علی کا گلا ادھر

Zainab ko mana karte the har chand ahl-e-shar
زینب کو منع کرتے تھے ہر چند اہلِ شر

Lekin wo daudi jaati thi thaame hue jigar
لیکن وہ دوڑی جاتی تھی تھامے ہوئے جگر

Pahunchi jo qatl gah mein is rok tok par
پہونچی جو قتل گاہ میں اس روک ٹوک پر

Dekha sar-e-Husain ko neze ki nok par
دیکھا سرِ حسین کو نیزے کی نوک پر

Ali's daughter went about bareheaded, beating herself;
here the throat of the light of Ali's eyes was being cut.
However much the wicked tried to stop Zainab,
she kept running on, holding her heart.
When, for all their hindering, she reached the place of slaughter,
she saw Husain's head upon the point of a lance.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

184

Neze ke neeche jaa ke pukaari wo sogwar
نیزے کے نیچے جا کے پکاری وہ سوگوار

Sayyid teri lahu bhari surat ke main nisar
سید تری لہو بھری صورت کے میں نثار

Hai hai gale pe chal gayi bhaiya chhuri ki dhaar
ہے ہے گلے پہ چل گئی بھیا چھری کی دھار

Bhoole behan ko ae Asad-e-Haq ke yaadgar
بھولے بہن کو اے اسدِ حق کے یادگار

Sadqe gayi luta gaye ghar waada gaah mein
صدقے گئی لٹا گئے گھر وعدہ گاہ میں

Jumbish labon ko hai abhi yaad-e-ilah mein
جنبش لبوں کو ہے ابھی یاد الہ میں

Going beneath the lance, that mourner cried out,
"Sayyid, I give my life for your bloodied face!
Alas, alas, brother, the knife's edge has passed across your throat!
Have you forgotten your sister, O keepsake of the Lion of God?
I would give my life for you! You have given up your home at the appointed place;
your lips are still moving in the remembrance of God."

185

Bhaiya salam karti hai khwahar jawab do
بھیا سلام کرتی ہے خواہر جواب دو

Chilla rahi hai dukhtar-e-Haidar jawab do
چلا رہی ہے دخترِ حیدر جواب دو

Sookhi zaban se bahr-e-Payambar jawab do
سوکھی زبان سے بہرِ پیمبر جواب دو

Kyunkar jiye gi Zainab-e-muztar jawab do
کیونکر جیئے گی زینبِ مضطر جواب دو

Juz marg dard-e-hijr ka chaara nahin koi
جز مرگ دردِ ہجر کا چارا نہیں کوئی

Mera to ab jahan mein sahaara nahin koi
میرا تو اب جہاں میں سہارا نہیں کوئی

"Brother, your sister greets you: answer me!
Haidar's daughter is crying out: answer me!
For the Prophet's sake, answer me with your parched tongue!
How will the anguished Zainab live? Answer me!
There is no cure for the pain of parting but death;
now I have no one left in the world to lean on."

Free to read, copy and share

186

Bhaiya main ab kahan se tumhen laaoon kya karoon
بھیا میں اب کہاں سے تمہیں لاؤں کیا کروں

Kya keh ke apne dil ko main samjhaaoon, kya karoon?
کیا کہہ کے اپنے دل کو میں سمجھاؤں، کیا کروں؟

Kis ki duhaai doon kise chillaaoon kya karoon?
کس کی دُہائی دوں کسے چلاؤں کیا کروں؟

Basti paraai hai, main kidhar jaaoon kya karoon?
بستی پرائی ہے، میں کدھر جاؤں کیا کروں؟

Duniya tamam ujar gayi, weerana ho gaya
دنیا تمام اجڑ گئی، ویرانہ ہو گیا

Baithoon kahan ke ghar to aza khana ho gaya
بیٹھوں کہاں کہ گھر تو عزا خانہ ہو گیا

"Brother, where can I bring you back from now? What shall I do?
What shall I say to console my heart? What shall I do?
To whom shall I cry for help, to whom call out? What shall I do?
This is a stranger's town; where shall I go? What shall I do?
The whole world has been laid waste; it has become a wilderness;
where can I sit, when the home itself has become a house of mourning?"

187

Hai hai tumhaare aage na khwahar guzar gayi
ہے ہے تمہارے آگے نہ خواہر گذر گئی

Bhaiya batao kya tah-e-khanjar guzar gayi?
بھیا بتاؤ کیا تہ خنجر گذر گئی؟

Aayi sada na poochho jo hum par guzar gayi
آئی صدا نہ پوچھو جو ہم پر گذر گئی

Sad shukr jo guzar gayi behtar guzar gayi
صد شکر جو گذر گئی بہتر گذر گئی

Sar kat gaya hamen to alam se faragh hai
سر کٹ گیا ہمیں تو الم سے فراغ ہے

Gar hai to bas tumhaari judaai ka daagh hai
گر ہے تو بس تمہاری جدائی کا داغ ہے

"Alas, alas, that your sister did not die before you!
Brother, tell me, what did you go through beneath the dagger?"
A voice came: "Do not ask what we went through;
a hundred thanks, whatever passed has passed for the best.
My head is cut off; I am free of all pain;
if there is any, it is only the wound of parting from you."

Free to read, copy and share

188

Ghar lootne ko aaye gi ab fauj-e-nabakar
گھر لوٹنے کو آئے گی اب فوج نابکار

Kahiyo na kuchh zaban se, bajuz shukr-e-Kirdgar
کہیو نہ کچھ زباں سے، بجز شکرِ کردگار

Khema mein jab ke aag laga den sitam shiar
خیمہ میں جب کہ آگ لگادیں ستم شعار

Rahiyo meri yateem Sakina se hoshiyar
رہیو مری یتیم سکینہ سے ہوشیار

Be zaar hai wo khasta jigar apni jaan se
بے زار ہے وہ خستہ جگر اپنی جان سے

Baandhe na koi us ka gala resman se
باندھے نہ کوئی اس کا گلا ریسمان سے

"The wicked army will come now to plunder the house;
say nothing with your tongue but thanks to the Maker.
When the tyrants set fire to the tent,
keep watch over my orphaned Sakina;
that broken-hearted child is weary of her life;
let no one bind her neck with a rope."

189

Bas ae Anees zoaf se larzan hai band band
بس اے انیسؔ ضعف سے لرزاں ہے بند بند

Aalam ko yaadgar rahen ge ye chand band
عالم کو یادگار رہیں گے یہ چند بند

Nikle qalam se zoaf mein kya kya buland band
نکلے قلم سے ضعف میں کیا کیا بلند بند

Aalam pasand band hain sultan pasand band
عالم پسند بند ہیں سلطان پسند بند

Ye fasl aur ye bazm-e-aza yaadgar hai
یہ فصل اور یہ بزمِ عزا یادگار ہے

Peeri ke walwale hain khizan ki bahaar hai
پیری کے ولولے ہیں خزاں کی بہار ہے

Enough, Anees: from weakness every joint is trembling;
these few stanzas will remain for the world to remember;
even in weakness, what lofty stanzas have come from the pen!
Stanzas the world delights in, stanzas that delight a king.
This season and this gathering of mourning will be remembered;
these are the ardours of old age, the spring that comes in autumn.

Printed from https://fzic.org/library/noha/jab-qata-ki-masafat-e-shab-aftab-ne-50003 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.